

قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر

ہفتہ وار

# طلوعِ اسلام کراچی

جلد نمبر ۸
شمارہ ۳۶

کراچی : ہفتہ ۔ ۱۷ دسمبر ۱۹۵۵ء

قیمت چھ آ[illegible]
سالانہ پندرہ ر[illegible]


## قرآن نے کیا کہا؟

اس کشمکش میں (جس کا ذکر سابقہ اشاعت میں کیا جا چکا ہے) جب ان مخالفین سے کہا جائیگا کہ تم اپنی مخالفت سے باز آجاؤ ورنہ تباہ و برباد ہو جاؤ گے تو یہ نہایت متکبرانہ انداز سے کہدینگے کہ نحن اکثرا موالا واولادا وما نحن بمعذ بین (۳۴/۳۵) ۔ ہمارے پاس بڑی دولت ہے ۔ ہماری جمیعت بھی کافی ہے ۔ اس لئے ہمارا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا ۔ قرآن کہتا ہے کہ ان سے کہو کہ ذرا تاریخ کے اوراق پر نگاہ ڈال کر دیکھو کہ جن اقوام سابقہ نے اس قسم کے نظام کے قیام کی مخالفت کی ان کا حشر کیا ہوا؟ وکم اھلکنا من قریۃ بطرت معیشتھا فتلک مسکنھم لم تسکن من بعد ھم الا قلیلا وکنا نحن الوارثین (۲۸/۳۸) ۔ اور کتنی بستیاں (قومیں) ہم نے ہلاک کر دیں جو اپنے معاشی نظام پر اتراتی تھیں ۔ یہ ہیں ان کے مکانات جو ان کے بعد بہت کم آباد ہوئے اور ان کے ترکہ کا وارث ہمارے سوا کوئی اور نہ ہوا ۔ یہ قومیں ان مخالفین سے کہیں زیادہ صاحب قوت تھیں ۔ کانوا اشد منھم قوۃ ۔ ان کے ہاں رزق کی بھی فراوانی تھی ۔ واثاروا الارض ۔ ان کی آبادیاں بھی بڑی بڑی تھیں ۔ عمروھا اکثرا مما عمروھا (۳۰/۹) لیکن جب اس کے باوجود وہ اپنی مخالفت میں کامیاب نہ ہو سکے ۔ تو تم کسطرح کامیاب ہو جاؤ گے؟

---

### طلوعِ اسلام کا مسلک اور مقصد

**ہمارا مسلک یہ ہے** کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۱ تنہا انسانی عقل زندگی کے مسائل حل کرنے کے لئے کافی نہیں ۔ اسے اپنی راہنمائی کیلئے اسی طرح وحی کی ضرورت ہے جس طرح آنکھ کو سورج کی روشنی کی ۔

۲ یہ وحی اپنی آخری اور مکمل شکل میں قرآن کریم میں محفوظ ہے اس لئے نوعِ انسانی قرآن کے بغیر اپنی منزل مقصود تک نہیں پہنچ سکتی ۔

۳ حق و باطل کا معیار قرآن ہے ہر وہ بات جو قرآن کے مطابق ہو صحیح ہے جو اس کے خلاف ہے غلط ہے ۔

۴ حضور نبی اکرم انسانی سیرت و کردار کے بلند ترین مقام پر فائز تھے لیکن عجمی سازشوں نے ہماری تاریخ میں ایسی چیزیں شامل کر دی ہیں جن سے حضور کی سیرت داغدار ہو کر سامنے آتی ہے ہماری تاریخ کے ایسے تمام حصے خواہ وہ کسی کتاب میں ہوں یکسر غلط اور وضعی ہیں حضور کی سیرت کا صحیح معیار خود قرآن کریم ہے ۔

۵ قرآن کی رو سے دنیا میں بسنے والے تمام انسان ایک عالمگیر برادری کے افراد ہیں اس برادری کے قیام کی یہی شکل ہے کہ تمام دنیا ایک ہی نظام کے مطابق زندگی بسر کرے ۔

۶ اس عالمگیر نظام زندگی کی تشکیل کی صورت یہ ہے کہ ہر زمانے کے انسان اپنے زمانے کے تقاضوں کے مطابق قرآن کے غیر متبدل اصولوں کی روشنی میں باہمی مشاورت سے جزئی قوانین خود مرتب کریں ۔ (انہیں قانون شریعت کہا جاتا ہے) یہ جزئی قوانین حالات کی تبدیلی سے بدلتے رہیں گے لیکن قرآن کے اصول ہمیشہ غیر متبدل رہیں گے ۔

۷ اس نظام کی رو سے قرآن ایک ایسے معاشرے کی تشکیل کرتا ہے جس میں تمام افراد کی مضمر صلاحیتوں کی کامل نشو و نما ہو جاتی ہے اور کوئی فرد معاشرہ اپنی ضروریات زندگی سے محروم نہیں رہتا ۔ اسے ربوبیت عالمین یعنی تمام نوعِ انسانی کی پرورش سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔

۸ ربوبیت عالمین کے مقصد عظیم کے حصول کے لئے قرآن کی رو سے ضروری ہے کہ رزق کے سرچشمے افراد کی ملکیت کے بجائے معاشرے کی تحویل میں رہیں تاکہ رزق کی تقسیم ہر ایک کی ضرورت کے لحاظ سے ہوتی رہے اور اس طرح کوئی انسان دوسرے انسان کا محتاج نہ رہے اسے قرآنی نظام ربوبیت کہا جاتا ہے ۔

**ہمارا مقصد یہ ہے** کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پاکستان میں اور اس کے بعد ساری دنیا میں قرآنی نظام ربوبیت نافذ ہو جائے تاکہ صفات خداوندی کی روشنی میں ہر انسان کی ذاتی صلاحیتیں کامل نشو و نما پا سکیں اور اس طرح "زمین اپنے پرورش دینے والے کے نور سے جگمگا اٹھے" ۔

**اگر آپ طلوعِ اسلام کے اس مسلک اور مقصد سے متفق ہیں تو اس پیغام کو عام کرنے میں طلوعِ اسلام کا ساتھ دیجئے**

---

### اس شمارے میں


★ جمہوریت ★ فتنہ انکار حدیث ★ محترم وزیر اعظم سے ★ کشمیر ★ نذر برہمن ★ جاہلی عصبیت
★ اسلام کی سر گزشت ★ درس بخاری ★ مجلس اقبال ★ عورت کا قرآن ★ بھارت اور سویٹ روس کا قدیم ثقافتی رشتہ
★ حقائق و عبر ★ اندرون ہند ★ باب المراسلات ★ عالم اسلامی ★ بین الاقوامی جائزہ

## ISLAMIC CONSTITUTION

Dear Brother,

The question of framing an Islamic Constitution has cropped up in Pakistan for the first time in the entire history of Islam covering a period of over thirteen hundred years. Absence of direct precedents or relevent guidance makes the task very difficult indeed. But we have to find a way or make it.

The fundamentals of Islam are contained in the Quran and Quran has fortunately been handed down to us intact in its original form and pristine purity. The ravages of time and human conflicts haye had no effect on its authenticity. The Quran contains a complete code for human life and must help us in fulfilling the present difficult task.

As a result of a life-long study of the Quran and human thought I gave you in an earlier letter the *Basic Provisions of the Islamic Constitution.* In the present letter I propose to put before you some points which must be borne in mind in *framing* an Islamic Constitution. They will, I am sure, help you in discharging your great and noble assignment as satisfactorily as is possible in the circumstances.

*To,*
*All Muslim Members of the Constituent Assembly.*
*(Sent in December 1955)*

*Sincerely yours,*
*G. A. PARWEZ,*
*Director Quranic Research Centre,*
*Post Box 7313, Karachi.*

### POINTS TO BE BORNE IN MIND IN FRAMING AN ISLAMIC CONSTITUTION FOR PAKISTAN.

**I**

Barring a few exceptions the Quran concerns itself generally with the FUNDAMENTALS and gives no details. For instance it ordains Zakat again and again, but gives nowhere the rate of recovery or the conditions governing its levy. The intention is that while the Fundamentals remain inviolable, the Islamic State of the day will determine details thereunder to suit the requirements of the time. The Quran is very explicit on this point, e.g. Chapter V (MAAEDAH), Verses 101-102, wherein it is stated that details of things which have not been specified in the Quran should not be asked for because if they are revealed they might prove difficult to follow.

In his commentary on the Quran (Tafheemul Quran, Vol. 1) Syed Abul Aala Maudoodi, the head of the Jamaat-e-Islami which is foremost in demanding an Islamic Constitution, has recorded the following note on the verses mentioned above :-

"A tradition says 'Allah has placed on you certain obligations, do not violate them. Some things have been forbidden, do not go near them. Some limitations have been imposed, do not transgress them. Some things have been left unspoken of without being overlooked, do not probe into them.' The tradition coveys an important warning. Where the law-giver has cited a principle without specifying details or where he lays down an injunction in general terms without mentioning quantity, number or other determinable factors, the reason for his doing so is not that he had overlooked them but that his intention was not to hedge in the matter but to allow greater latitude in the observance of the injunction. Now if some one dabbles in hair splitting and if the words of the lawgiver do not help him to prop up round the matetr a berricade of minute details and fine limitations, he has recourse to intellectual jugglery to make the undefined definite, the absolute restricted and the undetermined determined, he exposes the Muslims to a grave danger because in metaphysical maters the greater the details the harder will it be for one to believe and in the case of practical injunctions limitations are liable to increase the chances of violation on the part of the observer."

In another book of his (TAFHEEMAAT, Part II) Syed Abul Aala Maudoodi has explained the above principle in the following words :-

"It is an incontrovertible truth that the lawgiver, for the observance of his directions, has with extreme wisdom and knowledge, laid down mostly such conditions as would in all times, all places and all circumstances, achieve the purpose in view. In spite of this, there are numerous details in which changed circumustances need a corresponding change. It is not necessary that the conditions in every age and country should be same as they obtained in Arabia and the Muslim world during the time of the Prophet and his companions. Therefore the enforcement in all ages and in all conditions of the particular forms for the observance of Islamic injunctions exactly as they were at inception, that is without modification will be a sort of conventionalism, which is completely alien to the spirit of Islam. It will be incorrect, therefore, to follow strictly the very words of the original text without weighing them in the present context, much less their deductions or inferences. The rational method for tackling a problem is that one should keep before his mind's eye the aim of the lawgiver and the why of it and with due regard to his principles and practice affect changes to accord with a change in circumstances."

Stated in simple words the essence of the foregoing is that *Allah, the lawgiver, has revealed in the Quran the basic priciples governing man's corporate life and very few detailed instructions and that the intention underlying His great design is that the Govt. of every age should itself frame subsidiary laws within the four walls of the divine principles.*

**II**

In the light of the Qurani Fundamentals the Prophet was the first to determine details appropriate to his time. After the Prophet came his successors and although the time lag between him and his immediate successors was too short to bring about any substantial change in the prevailing conditions of society, there are on record intances in which they modified or reversed the earlier decisions on the expressed ground that the requirements of the later time justified a modification of the decisions taken by the Prophet. Here are some of them :-

(i) *Divorce.* There are three stages to be gone through before divorce becomes effective. The Prophet decided that if a husband voices his intention to divorce his wife thrice in one breath it will be treated as one stage of the procedure. Hazrat Abu Bakr followed the decision of the Prophet but Hazrat Omar decided that the thrice repeated declaration at a time will amount to the completion of all the three stages and will make divorce irrevocable.

(ii) *Ransom.* The Prophet fixed the amount of ransom for prisoners of war at one Deenaar per head. Hazrat Omar fixed different amounts for different countries.

*Continued on Title page 3.*

قرآنی نظامِ ربوبیّت کا پیامبر

ہفتہ وار

طلوعِ اسلام

جلد ۸ ہفتہ ۱۷ دسمبر ۱۹۵۵ء نمبر ۴۶

# جمہوریت

## (انتخابی اصلاح کا ایک گوشہ)

انسان نے اپنے نظمِ اجتماعی (یعنی حکومت) کے لئے اس وقت تک جتنے طریقے اختیار کئے ہیں، ان میں جمہوری طریقِ حکومت کو سب سے بہتر اور بلند خیال کیا جاتا ہے۔ لیکن ہمارے حکیم الامتؒ نے اس اندازِ حکومت کے متعلق کہا تھا کہ

دیوِ استبداد جمہوری قبا میں پائے کوب
تو سمجھتا ہے یہ آزادی کی ہے نیلم پری

یہ اس زمانے کی بات ہے جب ہم جمہوری اندازِ حکومت سے براہِ راست واقف اور اس کے ثمرات سے بلاواسطہ لذت آشنا نہیں تھے۔ اُس وقت جمہوری انداز، اقوامِ مغرب کے ہاں رائج تھا اور ہم انگریزی استعمار کے شکنجے میں جکڑے ہوئے تھے۔ اس لئے ہو سکتا ہے کہ ہم اقبالؒ کے اشارے کا کماحقہٗ ادراک نہ کر سکے ہوں۔ لیکن اب اللہ کے فضل سے خود ہمارے ہاں جمہوری اندازِ حکومت کار فرما ہے۔ اور ہم، اللہ کے فضل و کرم سے، براہِ راست اس کے عواقب و ثمرات سے لذت اندوز ہو رہے ہیں۔ اس لئے اب ہم ذاتی تجربہ کی بناء پر کہہ سکتے ہیں کہ جمہوری اندازِ حکومت "دیوِ استبداد" ہے یا "آزادی کی نیلم پری"۔ ہمارا خیال ہے کہ اس سوال کے جواب کے لئے نہ کسی منطقی استدلال کی ضرورت ہے۔ اور نہ فلسفیانہ شواہد کی۔ ہماری ملی حالت، معاملات میں آئے دن کا تجربہ۔ معاشرہ کی چیخ و پکار عوام کی زبوں حالی۔ قدم قدم پر زندگی کی ہڈیاں چٹخنے کی دردانگیز آوازیں، حتیٰ کہ خود اس جمہوری حکومت کے اربابِ بست و کشاد کے اعلانات کہ ہمارے ہاں رشوت، بد دیانتی، نالائقی، اقربا نوازی، اعزہ پروری، انفرادی مفاد پرستی کی لعنت دن بدن بڑھتی جا رہی ہے، اس حقیقت کی واضح دلیل ہے کہ یہ جمہوری اندازِ حکومت فی الواقعہ دیوِ استبداد ہے۔ ہم حکمرانوں کے ایک گروہ سے تنگ آ کر نئے انتخابات کا مطالبہ کرتے ہیں۔ لیکن نئے انتخابات کے بعد ہم دیکھتے ہیں کہ انہی جیسا ایک اور گروہ ہمارے سر پر مسلط ہو گیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ اگر جمہوری اندازِ حکومت کا عملی نتیجہ یہی ہے تو پھر اس کی اس قدر تعریف کیوں کی جاتی ہے؟

جمہوریت، ڈیماکریسی (DEMOCRACY) کا ترجمہ ہے۔ ڈیماکریسی کے معنی ہیں "لوگوں کی حکومت" یا "عوام کی حکومت"۔ اس کا مفہوم انگریزی کے اس مشہور فقرے میں ادا کیا جاتا ہے جو امریکی دستور کی بنیاد قرار دیا جاتا ہے۔ یعنی "عوام کی حکومت۔ عوام کے فائدے کے لئے۔ خود عوام کے ہاتھوں سے"۔ مغربی اقوام میں، جمہوری حکومت فی الواقعہ عوام کی حکومت، عوام کے فائدے کے لئے، خود عوام کے ہاتھوں تشکیل پاتی ہے یا نہیں، اس کے متعلق دو آراء ہوں یا نہ ہوں۔ لیکن یہ حقیقت ہے کہ ہمارے ہشت سالہ تجربہ نے جو کچھ ہمیں بتایا ہے، وہ یہی ہے کہ یہاں حکومت، نہ عوام کی ہوتی ہے۔ نہ عوام کے فائدے کے لئے ہوتی ہے اور نہ ہی عوام کے ہاتھوں تشکیل پذیر ہوتی ہے۔ یہ خواص کی حکومت۔ خواص کے مفاد کی خاطر، خواص کے ہاتھوں متشکل ہوتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ہمارے ہاں کوئی خاص خرابی ہے جس کی وجہ سے جمہوری اندازِ حکومت اس قسم کے نتائج مرتب کر رہا ہے یا خود جمہوری اندازِ حکومت ہی ایسا ناقص ہے؟

ایک چیز ہے جمہوریت (ڈیموکریسی) کا اصول اور دوسری چیز ہے اس اصول کو بروئے کار لانے کے لئے جمہوری مشینری۔ جہاں تک جمہوریت کے اصول کا تعلق ہے، اس میں شبہ نہیں کہ عقلِ انسانی نے اس وقت تک جس قدر نظامہائے حکومت وضع کئے ہیں، یہ ان میں بہترین ہے (قرآن اس پر کیا حد بندیاں عائد کرتا ہے یہ الگ بحث ہے) لیکن جو مشینری اس کے لئے وضع کی گئی ہے وہ اس قدر ناقص ہے کہ اس سے "آزادی کی نیلم پری" یکسر "دیوِ استبداد" میں بدل جاتی ہے۔ اس مشینری کی رو سے ملک کو چند حلقوں (CONSTITUENCIES) میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ ہر حلقہ کے رائے دہندگان کی فہرست مرتب کر لی جاتی ہے۔ اس حلقہ میں جتنے امیدوار انتخاب کے لئے کھڑے ہوں، وہ رائے دہندگان انہی کو رائے دیتے ہیں جس کے حق میں زیادہ ووٹ آ جائیں وہ اس حلقہ کا نمائندہ سمجھا جاتا ہے۔

اب اس طریقِ کار کا عملی نتیجہ دیکھئے۔ فرض کیجئے۔ دس گاؤں کا ایک حلقۂ انتخاب ہے جس میں پچاس ہزار کاشتکار (مزارع) ہیں اور پچاس زمیندار۔ اس حلقہ کی ایک نشست کے لئے پانچ زمیندار کھڑے ہوتے ہیں جن میں سے ایک امیدوار کامیاب ہو جاتا ہے۔ کہنے کے لئے یہ زمیندار ان پچاس ہزار کاشتکاروں کا نمائندہ ہے۔ لیکن آپ سوچئے کہ ایک زمیندار کسی صورت میں بھی کاشتکاروں (مزارعین) کا نمائندہ بن سکتا ہے؟ زمیندار اور کاشتکار کے مفاد ہمیشہ ایک دوسرے سے ٹکراتے ہیں۔ کیا، اس صورت میں، ایک زمیندار کبھی کاشتکاروں کے مفاد کا محافظ ہو سکتا ہے؟ اسی طرح کارخانوں کی مثال لیجئے۔ ایک صنعتی حلقہ (INDUSTRIAL AREA) میں دس کارخانے ہیں جن میں پچاس ہزار مزدور ہیں اور دس کارخانوں کے مالک ان مالکان میں سے کچھ امیدوار کھڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے ایک کامیاب ہو جاتا ہے۔ کیا یہ منتخب شدہ ممبر کسی صورت میں بھی مزدوروں کے مفاد کا نگران قرار دیا جا سکتا ہے؟ ان حلقوں کو پھیلا کر، پورے ملک کو محیط کر لیجئے۔ ملک کی آبادی کے نوّے (بلکہ اس سے بھی زیادہ) فی صد حصہ غریبوں کا ہے، اور باقی دس فی صد (بلکہ اس سے بھی کم) امیر ہیں۔ انتخاب کے لئے (کم و بیش) تمام امیدوار اس دس فی صد (امراء کے) حلقہ سے کھڑے ہوتے ہیں اور ان میں سے کامیاب امیدوار مجالسِ مقننہ وغیرہ کے رکن بن جاتے ہیں۔ کیا آپ ان ممبروں کو، ملک کی نوّے فی صد غریب نادار آبادی کا نمائندہ قرار دے سکتے ہیں؟ کیا یہ "جمہور" (عوام) کے مفاد کے محافظ و نگراں سمجھے جا سکتے ہیں؟ کیا ان سے یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ یہ اپنے مفاد پر عوام (جمہور) کے مفاد کو ترجیح دیں گے؟ لہٰذا، جب یہ منتخب شدہ ممبر، جمہور کے نمائندے ہی نہیں تو اس اندازِ حکومت کو جمہوری (DEMOCRATIC) کہا کیسے جا سکتا ہے؟ لیکن جمہوری مشینری کا تقاضا ہے کہ اسے جمہوری نظام ہی کہا جائے۔

کہا جا سکتا ہے کہ ان کاشتکاروں، مزدوروں، غریبوں اور ناداروں کو کس نے کہا ہے کہ وہ خود اپنے میں سے امیدوار کھڑے نہ کریں، اور زمینداروں، کارخانہ داروں اور دولتمندوں کو اپنا نمائندہ منتخب کریں؟ کہنے کے لئے یہ بات ٹھیک ہے لیکن سوچئے کہ جب زمیندار کے مقابلہ میں کاشتکار، کارخانے کے مالک کے مقابلہ میں مزدور، اور محلہ کے رئیس کے مقابلہ میں ایک غریب و نادار امیدوار کھڑا ہو گا تو ان غریبوں کو کامیاب کون ہونے دے گا؟ انتخاب میں کامیابی تو ایک طرف، ان کے لئے تو وہاں رہنا محال کر دیا جائے گا۔

کہہ دیا جائے گا کہ جب یہاں کے نوّے فی صد عوام میں اتنا سیاسی شعور اور مفادِ خویش کے تحفظ کا احساس

نہیں تو انہیں شریکِ حکومت کس طرح کیا جاسکتا ہے؟ بات واضح ہے۔ اگر انہیں شریکِ حکومت نہیں کیا جاسکتا تو پھر اس حکومت کو عوام کی جمہوری حکومت کیوں کہا جاتا ہے۔ اسے "خواص کی حکومت" (OLIGarchy) کیوں نہیں کہا جاتا ہے؟ اور اگر حکومت جمہوری ہے تو پھر اس میں عوام کو شریک کیوں نہیں کیا جاسکتا؟

اس فساد کا علاج (ایک بڑی حد تک) انتخابی مشینری کی اصلاح میں ہے اور وہ اصلاح یہ ہے کہ ملک کی سو نشستوں میں سے نوّے نشستیں عوام کے لئے مخصوص ہونی چاہئیں اور دس خواص (امراء) کے لئے۔ عوام (غریبوں) کی نشستوں کے لئے صرف عوام (کاشتکار، مزدور، غریب) امیدوار کھڑے ہوں اور خواص کی نشستوں کے لئے خواص (زمیندار، کارخانہ دار، امراء)۔ نہ عوام ان خواص کو ووٹ دے سکیں اور نہ خواص ان عوام کی نشستوں میں دخیل ہوسکیں۔ اس طرح اور صرف اس طرح حکومت میں عوام کی صحیح نمائندگی ہوسکے گی۔ اور اس حکومت کو جمہوری (عوام کی) حکومت کہا جاسکے گا۔ علم کی شرط ہر امیدوار کے لئے ضروری ہے۔

اگر دستورِ پاکستان میں، انتخابات کے لئے اس قسم کے قواعد رکھے گئے تو یہاں کی حکومت جمہوری کہلا سکے گی۔ ورنہ وہی "دیوِ استبداد" ہوگا جو "جمہوری قبا" میں مصروفِ عمل رہے گا اور ہم (بظاہر) دنیا کو اور (درحقیقت) اپنے آپ کو فریب دیتے رہیں گے کہ یہ "آزادی کی نیلم پری" ہے۔

(ہم نے اس مقالہ میں جمہوری مشینری کے صرف ایک پرزے سے بحث کی ہے۔ نہ خود جمہوریت کے متعلق کچھ کہا ہے اور نہ ہی اس مشینری کے دوسرے پرزوں کے متعلق۔ ان امور پر طلوع اسلام میں اکثر لکھا جاچکا ہے، اور عند الضرورت لکھا جائے گا)

---

# فتنۂ انکارِ حدیث

گذشتہ دو تین برس سے "فتنۂ انکارِ حدیث" کے الفاظ ملک کی فضا میں اس شدت وکثرت سے گونج رہے ہیں کہ شاید ہی کوئی کان ایسا ہو جس میں یہ الفاظ نہ پڑ چکے ہوں۔ مذہبی حلقوں میں تو ایسا نظر آتا ہے گویا ان حضرات کے سامنے اس کے سوا کوئی اور کام رہ ہی نہیں گیا کہ اٹھتے، بیٹھتے، سوتے جاگتے، ان الفاظ کو دہراتے چلے جائیں۔ کیا آپ نے کبھی اس پر سنجیدگی سے غور فرمایا ہے کہ بالآخر یہ فتنہ ہے کیا؟ چونکہ اس فتنہ کے طعن کا ہدفِ اولیں طلوع اسلام ہے اس لئے ہم نے قریب قریب ہر اس تحریر کو پڑھا ہے جو اس باب میں گذشتہ دو تین برس میں صفحۂ قرطاس پر آئی ہے اس لئے پڑھا ہے کہ ہم جاننا چاہتے تھے کہ وہ کونسا جرم ہے جس کا مرتکب طلوع اسلام ہو رہا ہے اور اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ فی الواقعہ جرم ہے تو ہم اس سے خدا کے حضور تائب ہو کر اپنی اصلاح کرلیں۔ لیکن ہم بغیر کسی قسم کی مناظرانہ جذبہ داری کے نہایت دیانتداری سے عرض کرتے ہیں کہ آج تک کوئی ایسا مضمون ہماری نظر سے نہیں گذرا جس میں متانت اور سنجیدگی سے، دینی اور علمی نقطۂ نظر سے یہ بتایا گیا ہو کہ "فتنۂ انکارِ حدیث" ہے کیا اور طلوع اسلام کا وہ کونسا جرم ہے جس کی پاداش میں اسے اس طرح موردِ طعن وتشنیع بنایا جارہا ہے؟ اگر آپ ہمارے اس قول کو باور نہ کریں تو ہم آپ سے گزارش کریں گے کہ آپ ہی ہمارے لئے کسی ایسے مقالہ کی نشاندہی کر دیجئے جس میں اس موضوع پر علمی اور دینی حیثیت سے گفتگو کی گئی ہو۔ ایسا کرتے وقت ذیل کی تصریحات کو اپنے زیرِ نظر رکھئے۔

انکارِ حدیث کے متعلق کہا یہ جاتا ہے کہ اس کا مطلب ہے "انکارِ حجیتِ حدیث"۔ لیکن یہ تو صرف دو لفظوں کی جگہ تین لفظوں کا استعمال ہے۔ بات تو اس سے بھی واضح نہیں ہوتی۔ جہاں تک ہم سمجھ سکے ہیں، حجت کے معنی ہوتے ہیں کہ جب کسی مختلف فیہ مسئلہ میں اس قول کو پیش کر دیا جائے تو اسے قولِ فیصل مان لیا جائے اور اس پر کسی قسم کی تنقید جائز نہ سمجھی جائے۔ مثلاً جب یہ سوال زیرِ غور ہو کہ اسلام میں لحمِ خنزیر کا کھا لینا جائز ہے یا نہیں۔ اور کوئی شخص یہ کہدے کہ قرآن میں ہے کہ حرمت علیکم..... ولحم الخنزیر (تم پر سور کا گوشت حرام کیا گیا ہے) تو یہ آیت مسئلہ زیرِ نظر کے فیصلہ کے لئے قولِ فیصل کا حکم رکھے گی اور اس پر کسی تنقید کی گنجائش نہیں رہے گی۔ اسے دین میں حجت کہتے ہیں۔ قرآن کی ہر آیت، ہر مسلمان کے لئے حجتِ دینی ہے۔ جو مسلمان ان میں سے کسی ایک آیت کو بھی حجت نہیں مانتا وہ "منکرِ قرآن" ہے۔ اور اس کا مسلک "فتنۂ انکارِ قرآن"۔

سوال یہ ہے کہ کیا آج تمام روئے زمین پر کوئی مسلمان ایسا ہے۔ یا گذشتہ تیرہ سو سال میں کوئی مسلمان ایسا گذرا ہے جو ہر حدیث کو اسی طرح دین میں حجت مانتا ہو؟ حدیث کے معنی ہیں قول منسوب الی الرسول یعنی ایسی بات جسے رسول اللہؐ کی طرف منسوب کیا جاتا ہو۔ حدیثوں کی مقدار لاکھوں تک پہنچتی ہے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ کیا "فتنۂ انکارِ حدیث" کے داعیوں میں سے کوئی شخص بھی ایسا ہے جو ان لاکھوں حدیثوں میں سے ہر حدیث کو دین میں حجت مانتا ہو، جس طرح وہ قرآن کی ہزاروں آیتوں میں سے ہر آیت کو حجت مانتا ہے؟ مثلاً اہلِ شیعہ کے ہاں یہ حدیث ہے کہ رسول اللہؐ نے حضرت علیؓ کو اپنا وصی اور جانشین مقرر فرمایا تھا۔ سنیوں میں سے کوئی شخص بھی اس حدیث کو مسئلہ خلافت میں حجت نہیں مانتا۔ یا سنیوں کے ہاں حدیث ہے کہ حضورؐ نے فرمایا تھا کہ میرے ترکہ کا وارث کوئی نہیں۔ لیکن شیعوں میں سے کوئی بھی اس حدیث کو باغِ فدک کے معاملہ میں حجت نہیں مانتا۔ اسی طرح خود سنیوں کے مختلف فرقوں کا حال ہے۔ رفع یدین کے مسئلہ میں حنفی جس حدیث کو حجت مانتے ہیں، اہلِ حدیث اسے حجت نہیں مانتے اور جس حدیث کو اہلِ حدیث حجت قرار دیتے ہیں، حنفی اسے حجت نہیں سمجھتے۔ مسلمانوں کے مختلف فرقوں کا الگ الگ وجود اسی بنیاد پر قائم ہے کہ جو احادیث ایک کے ہاں حجت ہیں وہ دوسروں کے ہاں حجت نہیں۔ لہٰذا (جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے) یہ حقیقت واضح ہے کہ ان تیرہ سو برس میں کوئی مسلمان ایسا نہیں گذرا اور نہ ہی آج کوئی مسلمان ایسا ہے جو لاکھوں حدیثوں میں سے ہر حدیث کو حجت دینی سمجھتا ہو۔

کہا یہ جاتا ہے کہ ہر حدیث کو حجت دینی سمجھنے کا مطالبہ نہیں۔ صرف صحیح حدیثوں کو حجت سمجھنے کا مطالبہ ہے۔ جو صحیح حدیث کو حجت نہیں سمجھتا وہ منکرِ حدیث ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ صحیح حدیث کہتے کسے ہیں؟ شیعہ حضرات اپنی حدیثوں کو صحیح قرار دیتے ہیں لیکن سنیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اگر کسی حدیث کے سلسلۂ رواۃ میں ایک شیعہ راوی بھی آجائے تو وہ حدیث صحیح نہیں قرار دی جاسکتی۔ یعنی سنی، شیعہ حضرات کی صحیح حدیثوں کو حجت نہیں مانتے، لیکن اس کے باوجود وہ منکرِ حدیث قرار نہیں پاتے۔ اسی طرح سنیوں کی صحیح حدیثوں کو شیعہ حجت دینی نہیں مانتے لیکن سنیوں کے نزدیک وہ بھی منکرِ حدیث نہیں قرار دیئے جاتے۔ خود سنیوں کے ہاں یہ کیفیت ہے کہ جن حدیثوں کو غیر مقلد حضرات صحیح قرار دیتے ہیں، ان میں سے کئی ایسی ہیں جنہیں مقلد حضرات دینی حجت نہیں مانتے۔ لیکن اس کے باوجود وہ منکرِ حدیث نہیں قرار پاتے۔ اسی طرح کئی ایسی حدیثیں ہیں جنہیں مقلد حضرات صحیح قرار دیتے ہیں لیکن انہیں غیر مقلد حجت نہیں مانتے۔ لیکن انہیں بھی کوئی منکرِ حدیث نہیں کہتا۔

سنیوں کے ہاں عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ بخاری شریف ایک ایسی کتاب ہے جس کی ہر حدیث صحیح ہے۔ لیکن سنیوں میں وہ حضرات موجود ہیں جو بخاری کی ہر حدیث کو بھی حجت دینی نہیں مانتے۔ لیکن اس کے باوجود وہ بھی منکرِ حدیث قرار نہیں پاتے۔

یہ وہ حقائق ہیں جن سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا ان کی روشنی میں یہ حقیقت واضح طور پر سامنے آجاتی ہے کہ ہر فرقہ، بلکہ ہر فرد، صرف ان احادیث کو حجتِ شرعی سمجھتا ہے جنہیں وہ اپنے خیال میں صحیح خیال کرتا ہے، جنہیں وہ صحیح نہیں سمجھتا، انہیں وہ حجت نہیں مانتا اور اس کے اس انکار سے اسے منکرِ حدیث قرار نہیں دیا جاتا۔ مثلاً سو حدیثوں کے مجموعہ میں سے ایک شخص پہلی پچاس کو صحیح نہیں سمجھتا۔ اسے آپ منکرِ حدیث قرار نہیں دیں گے۔ دوسرا شخص آخری پچاس کو صحیح نہیں سمجھتا اسے بھی آپ منکرِ حدیث قرار نہیں دیں گے۔ اب اگر ایک تیسرا شخص ایسا ہو جو یہ کہے کہ مجھے تو ان سو حدیثوں میں سے ایک بھی صحیح معلوم نہیں ہوتی، تو کیا اسے منکرِ حدیث قرار دیا جائے گا؟ اگر اسے ایسا قرار دیا جائے گا تو کیوں؟ آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ شخص فلاں مجموعۂ احادیث کو صحیح نہیں سمجھتا (جیسے شیعہ حضرات، سنیوں کی احادیث کو صحیح نہیں سمجھتے اور سنی حضرات شیعوں کی احادیث کو صحیح نہیں مانتے)

ممکن ہے یہ کہہ دیا جائے کہ اگر کسی طرح یہ ثابت ہو جائے کہ فلاں حدیث فی الواقعہ رسول اللہ کی ہے، تو جو شخص اسے دینی حجت نہ سمجھے، اسے منکرِ حدیث کہا جائے گا۔ اس سے سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ ثابت کس طرح کیا جاسکے گا کہ فلاں حدیث فی الواقعہ رسول اللہ کی ہے۔ آپ کہہ دیں گے کہ اس کے لئے ائمۂ حدیث نے اس کے اصول مقرر کر رکھے ہیں۔ لیکن انہی اصولوں کے مطابق تو شیعہ حضرات، سنیوں کی حدیثوں کو رد کرتے ہیں، اور سنی حضرات، شیعوں کی حدیثوں کو۔ ممکن ہے کہ

کہہ دیا جائے کہ سنیوں کے اصول الگ ہیں اور شیعوں کے الگ۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ حدیثوں کے پرکھنے کے الگ الگ اصول بنا لینے سے بھی کوئی فرقہ یا کوئی شخص، منکرِ حدیث قرار نہیں دیا جا سکتا کیونکہ یہ اصول انسانوں ہی کے بنائے ہوئے ہیں۔ بیچ اس سے ہی آئے جر سعنے۔ مقلد اور غیر مقلد حضرات کے ہاں تو حدیثوں کے پرکھنے کے اصول ایک ہی ہیں، لیکن اس کے باوجود، ان کے ہاں بھی حدیثوں کے صحیح قرار دیئے جانے میں اختلاف ہے۔ لہٰذا یہ بھی غلط ہے کہ حدیثوں کے پرکھنے کے جو اصول مروّج ہیں ان کی رُو سے ثابت کیا جا سکتا ہے کہ فلاں قول فی الواقعہ رسول اللہؐ کی حدیث ہے؟ اگر یہ ثابت کیا جا سکتا تو جو لوگ ان اصولوں کو مانتے ہیں کم از کم ان کے ہاں تو اس باب میں اختلاف نہ ہوتا کہ فلاں حدیث صحیح ہے یا نہیں۔ انہی اصولوں کے مطابق بخاری شریف، احادیث کی صحیح ترین کتاب قرار پائی تھی۔ لیکن اس کے متعلق بھی یہ کہا جا رہا ہے کہ اس کی ہر حدیث صحیح نہیں۔ اور ایسا کہنے والوں کو منکرِ حدیث نہیں کہا جاتا۔

یہ وہ سوالات ہیں جو انکارِ حدیث کے سلسلہ میں پیدا ہوتے ہیں۔ جماعت اسلامی سے تو ہمارا تخاطب نہیں۔ اس لئے کہ وہ ہمارے نزدیک ایک سیاسی جماعت ہے جو اپنے مقصد کے حصول کے لئے جائز و ناجائز ہر حربہ کا استعمال عین ثواب سمجھتی ہے (ہم یہ الفاظ پوری ذمہ داری سے لکھ رہے ہیں) لیکن باقی حضرات سے، جنہیں دین کا علم، تقویٰ اور دیانت نصیب ہے، ہم با ادب اور بہ نیاز گذارش کریں گے کہ وہ خاص علمی اور دینی حیثیت سے ان سوالات پر غور فرمائیں اور کسی قسم کی بحث میں الجھے بغیر ہمیں بتائیں کہ منکرِ حدیث کسے کہتے ہیں کونسی حدیث دین میں حجت قرار دی جا سکتی ہے اور اسے ایسا قرار دینے کی دلیل اور سند کیا ہے۔ اس کے لئے وہ اصطلاحات کے استعمال پر اکتفا نہ کریں بلکہ جس انداز کو ہم نے سوالات پیش کئے ہیں اسی انداز سے عام مثالوں سے اپنے خیال کی وضاحت فرمائیں۔ اگر ان کی تکلیف فرمائی سے یہ اہم سوال صاف، اور طلوع اسلام پر اس کی غلطی واضح ہو جائے۔ تو اس کیلئے وہ ہمارے نزدیک مشکور اور خدا کے ہاں ماجور ہوں گے۔

---

# محترم وزیرِ اعظم سے

ہم نے طلوع اسلام کی کسی سابقہ اشاعت میں لکھا تھا کہ حکومت کے مقصود و منتہیٰ کے متعلق تفصیلی گفتگو کی جائے تو اس کے لئے ایک ضخیم کتاب بھی ناکافی ہو گی لیکن اگر ان تفاصیل کو سمٹا کر مختصر کیا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ حکومت سے مقصود یہ ہے کہ ملک کے باشندے اطمینان اور خوش حالی کی زندگی بسر کر سکیں اس نقطۂ نگاہ سے دیکھا جائے تو یہ حقیقت واضح طور پر سامنے آ جاتی ہے کہ اس آٹھ سال کے عرصہ میں پاکستان میں جتنی حکومتیں بھی قائم ہوئیں، سب اپنے مقصود میں ناکام رہی ہیں۔ ملک کے باشندوں کو نہ اطمینان نصیب ہوا نہ خوش حالی۔ بلکہ اس کے برعکس، ان کی بے اطمینانی اور بدحالی میں دن بہ دن اضافہ ہوتا چلا گیا۔ اس افسوسناک صورتِ حالات کے وجوہ و اسباب متعدد ہیں لیکن اس کے بنیادی اسباب میں سے سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ حکومت کے دفاتر کی مشینری اس ڈھب سے چل رہی ہے کہ جو بدنصیب اس کے چکر میں پھنس جاتا ہے، وہ اپنی قسمت کو روتا ہے۔ وہاں قاعدہ اور قانون (ROLE OF THE LAW) کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ لوگوں کو تنگ اتنا کیا جاتا ہے کہ اچھے اچھے اصول پرست بھی ان کے تقاضوں کو پورا کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ تاخیر کا یہ عالم ہے کہ اس نے پرانی دیسی ریاستوں کی مضحکہ انگیز کہانیوں کو مات کر دیا ہے۔ ان دفاتر کے ہاتھوں ایک دنیا چیخ رہی ہے، لیکن کوئی کسی کی سُنتا ہی نہیں۔ دفاتر ہی کا ایک شعبہ عدالتوں کو سمجھئے۔ ان میں کسی کو انصاف کی توقع نہیں رہی۔ ہر طرف دھاندلی ہے اور رشوت۔ اس کا نتیجہ یہی نہیں کہ لوگ بے اطمینان اور بدحال ہو رہے ہیں بلکہ اُن کے دل سے قانون کا احترام اور حکومت کا وقار اٹھ گیا ہے۔

آپ کے برسرِ اقتدار آنے سے یہ امید قائم ہوئی تھی کہ چونکہ آپ کی ساری عمر دفتروں میں گزری ہے اور آپ ان کے نشیب و فراز اور پیچ و خم سے اچھی طرح واقف ہیں، اس لئے آپ اس مشینری کو ڈھب پر لے آئیں گے۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ آپ دوسرے کاموں میں اس قدر مصروف ہیں کہ آپ کو اس طرف توجہ دینے کی فرصت ہی نہیں ملی۔ جن کاموں میں آپ مصروف ہیں، ان کی اہمیت سے کسی کو انکار نہیں، لیکن ایسا کہنے میں کچھ مبالغہ نہیں ہوگا کہ اگر وہ سب کام ٹھکانے بھی لگ جائیں لیکن دفاتری اور عدالتی نظم و نسق بد سے بدتر ہوتا جائے تو ایسی حکومت کبھی کامیاب حکومت نہیں کہلا سکے گی۔ ہماری آپ سے باادب گزارش ہے کہ آپ دیگر امورِ حکومت کو اس طرح بانٹ دیجئے کہ آپ کو اس اہم شعبہ کی دیکھ بھال کے لئے کافی وقت مل سکے۔ اگر آپ کے زمانۂ حکومت میں دفتری اور عدالتی مشینری صحیح خطوط پر چل پڑی تو سمجھ لیجئے کہ آپ نے استحکامِ پاکستان اور فلاح و بہبودِ عوام کے لئے ایک نمایاں خدمت سرانجام دیدی۔ آپ کے حسنِ تدبر کا یہی تقاضا ہے۔

---

# کشمیر

ادھر پاکستان میں آل پارٹیز کشمیر کانفرنس منعقد ہوئی اور ملک کی متفرق پارٹیوں اور افراد نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا کہ کشمیر کو آزاد کرانے کے لئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جائے گا، اُدھر بین الاقوامی سیاست میں ایک زلزلہ آ گیا اور روس، سرتاپا مسلح روس، کشمیر میں آ دھمکا اور پوری ڈھٹائی سے یہ اعلان کر دیا کہ کشمیر ہندوستان کا حصہ ہے اور اس کے باشندوں نے اپنی قسمت کا فیصلہ کر لیا ہے۔ روسی قائدین کے لئے اس قسم کی علانیہ جانبداری کا کوئی موقع نہیں تھا۔ کشمیر کا مسئلہ پاکستان اور ہندوستان کے مابین متنازعہ فیہ ہے اور جب تک اس کا فیصلہ نہیں ہو جاتا کسی ملک کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اسے کسی ایک ملک کا حصہ قرار دے۔ روس کے تعلقات ہندوستان سے ہیں تو پاکستان سے بھی ہیں۔ اس لئے ڈپلومیٹک آداب کا تقاضا ہے کہ اس کے دل میں کچھ بھی ہو وہ بات غیر ذمہ داری سے نہ کرے۔ نیز کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کے پیش نظر بھی ہے اور روس اس ادارے کا رکن ہونے کی حیثیت سے مجبور ہے کہ ایسی واضح جانبداری کا مرتکب نہ ہو۔ لیکن روس نے نہ پاکستان سے ڈپلومیٹک تعلقات کا لحاظ کیا نہ اقوام متحدہ کی رُکنیت کی ذمہ داری کو محسوس کیا۔ ان حدود کا احترام تو ایک طرف وہ بالکل آپے سے باہر ہو گیا اور پاکستان کی تخلیق پر ہی معترض ہو گیا۔ مہذب ممالک اس قسم کے اعلانات کو ضروری بھی سمجھیں تو اس وقت کرتے ہیں جب وہ برسرِ پیکار ہوتے ہیں۔ لیکن روس کے رنگ نیارے ہیں۔ وہ قاعدے کے مطابق پاکستان کا دوست ہے۔ رجب کہ دونوں ممالک کے مابین سفارتی تعلقات قائم ہیں انہیں ایک دوسرے کا دشمن نہیں کہا جا سکتا، لیکن وہ اس کی اساس تک پر اعتراض سے نہیں چوکا۔ اگر پاکستان کو روس اس نظر سے دیکھتا ہے تو اسے تعلقات منقطع کر کے اپنے آپ کو یاوہ گوئی کے لئے آزاد کر لینا چاہیئے۔

پاکستان روس کے مقابلے میں معمولی سا ملک ہے لیکن روسی قائدین کے اعلانات سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان اتنا حقیر نہیں جتنا اُسے سمجھا، یا سمجھایا جاتا ہے۔ وہ اپنے لئے جو شاہراہِ عمل تیار کر رہا ہے اس کے پیش نظر وہ روس کے دل میں کانٹے کی طرح کھٹکنا شروع ہو گیا ہے۔ یہاں تک کہ روس بے قابو ہو کر اس کی کھلم کھلا مخالفت پر اتر آیا ہے۔ ذرا بہ نظر غائر دیکھا جائے تو پتہ چل جائے گا کہ روس نے پاکستان کی مخالفت ایک تو اس لئے کی ہے کہ پاکستان اشتراکیت کا ربقۂ غلامی اپنے گلے میں ڈالنے کے لئے تیار نہیں، دوسرے روس ہندوستان کو اپنے حلقہ میں لینے کے لئے آخری بازی لگا رہا ہے۔ مارشل بلگانن اور کروشیف نے اپنے دورۂ ہند میں جو کچھ کیا اور اس کے جو مضمرات ہیں ان کا تفصیلی جائزہ آئندہ اشاعت میں لیا جائے گا۔ جہاں تک کشمیر کا تعلق ہے ان کے دورے میں شاید یہ علاقہ شامل نہیں تھا۔ ہندوستان آجانے کے بعد ان کے دورے کی مدت میں اضافہ کیا گیا اور انہیں کشمیر تک لیجایا گیا۔ گویا ہندوستان نے روس کو جان بوجھ کر اس قضیہ میں لانے کی کوشش کی تاکہ اس میں ایک اور پیچیدگی پیدا ہو جائے۔ روس نے بھی اس موقع کو غنیمت جانا۔ چنانچہ اس نے اعلان کر دیا کہ کشمیر ہندوستان کا حصہ ہے وہ بخشی کو بھی اپنے ہاں بلا رہا ہے تاکہ اس کا دماغ اور پھر جائے اور کشمیر پوری طرح اشتراکی مرکز بن جائے۔

اس سے کشمیر کے متعلق عجیب صورت پیدا ہو گئی ہے۔ ان حالات میں نہ ہندوستان سے براہِ راست مذاکرات کی ضرورت باقی رہ جاتی ہے اور نہ اس قضیہ کو اقوام متحدہ میں لیجانے کا کچھ فائدہ نظر آتا ہے۔ ضمناً اس کا یہ مطلب نہیں کہ کشمیر کی آزادی کی راہیں مسدود ہو گئی ہیں۔ زندہ قوموں کی زندگی میں اس قسم کے سنگین مقامات نئی راہوں کی کشود کی

ہتھیار بن جاتے ہیں۔ لہٰذا ہم کشمیر کے مستقبل سے مایوس نہیں بلکہ اور پُر امید ہو گئے ہیں کیونکہ صاف نظر آ رہا ہے کہ حالات کا تقاضا کشمیر کو آزاد کرانے کی طرف ہے۔ لیکن یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ روس کے اس صریح اعلان کے بعد امریکہ کی پوزیشن کیا رہ جاتی ہے؟ یہ سوال اس لئے نہیں پیدا ہوتا کہ ہم کشمیر کی قسمت امریکہ کے ہاتھ میں سمجھتے ہیں۔ بلکہ اس لئے کہ ہم پر روسی عتاب کا نزول اس لئے ہو رہا ہے کہ ہم امریکہ کے حلیف ہیں۔ اگر ہمیں امریکہ سے حلیفانہ تعلقات قائم کرنے کی یہ سزا مل سکتی ہے تو ہم امریکہ سے یہ توقع کرنے میں بالکل حق بجانب ہیں کہ وہ بھی صاف صاف بتائے کہ ہمیں وہ کیا مقام دینے کے لئے تیار ہے۔ آگے بڑھنے سے پیشتر گوا کی مثال دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔ روسی قائدین نے گوا کے بارے میں بھی صاف طور پر ہندوستانی موقف کی تائید کی۔ یہ تائید بھی اسی طرح بے محل تھی جیسی کشمیر کے بارے میں انہوں نے کی لیکن اس پر امریکہ نے فوراً اپنی پالیسی کا اعلان کر دیا اور سیکرٹری آف اسٹیٹ مسٹر ڈلیز نے غیر مبہم طریق سے کہہ دیا کہ گوا پرتگال کا ایک صوبہ ہے۔ اس پر ہندوستان سیخ پا ہو گیا لیکن امریکہ اپنے اعلان پر قائم ہے۔ اگر گوا کے بارے میں یہ اعلان کیا جا سکتا ہے تو کشمیر کے بارے میں ایسی صراحت کیوں نہیں کی جا سکتی؟ یہ وقت ہے کہ امریکہ اس کی وضاحت کرے اور پاکستان کو اپنی دوستی کا یقین دلائے۔ اگر اس نے اس وقت یہ یقین نہ دلایا اور صاف طور پر پاکستانی موقف کی حمایت نہ کی تو پاکستان اپنے لئے جداگانہ راستہ تراشنے پر مجبور ہو جائے گا۔ امریکہ اگر یہ چاہتا ہے کہ پاکستان اس کا ساتھ دے تو اسے چاہیئے کہ وہ یہ موقع نہ پیدا ہونے دے کہ پاکستان اضطراراً کچھ کر بیٹھے۔ ہمیں انتظار رہے گا کہ امریکی حکومت ذمہ داری سے کشمیر کے متعلق بلگانن اور کروشیف کے اعلان کا کیا جواب دیتی ہے۔ اس جواب پر پاکستان کی آئندہ پالیسی کا دار و مدار ہوگا۔ امریکہ اس کا کچھ بھی جواب دے پاکستانی حکومت اور پاکستانی عوام کو یہ راز سمجھ لینے کی ضرورت ہے کہ کشمیر بڑی شدت سے ہمارے لئے زندگی اور موت کا مسئلہ بن گیا ہے۔ کشمیر مظہر بن گیا ہے ان مخالفانہ سازشوں کا جن کا جال ہندوستان اور روس بچھاتے جا رہے ہیں۔ لہٰذا کشمیر ہماری قومی جد و جہد کا فیصلہ کن معرکہ ہوگا۔ اسے سر کرنے کے لئے کامل اتحاد و یک جہتی کی ضرورت ہے۔ جو افراد احزاب کشمیر کانفرنس میں شریک ہوئے تھے اگر ان کی شرکت واقعی مبنی برخلوص تھی اور وہ کشمیر کے حصول کے لئے دیانتدارانہ تڑپ رکھتے ہیں تو اب وقت آ گیا ہے کہ وہ اس مقصد کے لئے یک زبان، یک نگاہ اور یک جان ہو جائیں کہ

یہی ہے امتوں کے مرضِ کہن کا چارہ

اس وقت جو آواز بھی اس کے خلاف اٹھے گی اسے غداری پر محمول کیا جائے گا کیونکہ پاکستان کی بقا دیگر تمام تحفظات پر مقدم ہے۔

---

## نذر برہمن

ہم نے سابقہ اشاعتوں میں شاہ سعود کے دورہ ہند پر تبصرہ کرتے ہوئے جن خدشات کا اظہار کیا تھا، ہمیں بصد دکھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ وہ صحیح ثابت ہوئے۔ ۱۱ر دسمبر کو آپ نے بمبئی میں جو تقریر ارشاد فرمائی۔ وہ ہمارے لئے ہی نہیں مسلمانان عالم کے لئے روح فرسا ہے۔ آپ نے فرمایا کہ ہندوستان آنے سے پہلے ان کے دل میں جو دو سوالات خصوصیت سے ابھر رہے تھے ان میں سے ایک یہ تھا کہ مسلمانوں سے وہاں کیا سلوک روا رکھا جاتا ہے۔

> اب میں دورے کے خاتمے پر مسلمانان عالم کو پورے اطمینان سے بتانا چاہتا ہوں کہ مسلمانان ہند کی قسمت محفوظ ہاتھوں میں ہے . . . . میں محافظ مقامات مقدسہ کی حیثیت سے اپنا اور مسلمانان ہند کا پنڈت نہرو جیسے بڑے لیڈر اور ان کے ان رفقاء کا جو شہریوں سے مساوات اور انصاف کا سلوک کر رہے ہیں، شکریہ ادا کرتا ہوں۔

یہ اعلان کرب انگیز ہی نہیں بے محل بھی ہے۔ شاہ سعود چند روزہ سرکاری دورے میں یقیناً مسلمانان ہند کی حالت زار کا اندازہ نہیں لگا سکتے تھے۔ اس لئے بھی کہ یہ مدت ناکافی تھی۔ اور اس لئے بھی کہ اس دوران میں انھیں ان مسلمانوں سے براہ راست ملنے دیا گیا جو ہندو مظالم کا تختہ مشق ہیں نہ ان نمائندوں سے جو آپ کو صحیح حالات سے باخبر کرتے ان سے جو مسلمان ملے۔ وہ بیشتر وہی تھے جو ہندو کے آلہ کار ہیں۔ اور ہندو انھیں ایسے موقعوں پر نمائش کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ اگر کوئی مسلمان اتفاق سے بار پا بھی گیا ہو جو ان حالات سے آپ کو مطلع کر سکتا تھا تو سرکاری ماحول میں اس کا اسے موقع ہی کہاں میسر آ سکتا تھا۔ اندریں حالات شاہ سعود کا ہندوستان کو یہ سرٹیفکیٹ دینا بے معنی اور نہایت خطرناک ہے۔ آپ کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ آپ ہندوستان کے دورے پر تشریف لائے تھے۔ تو آپ کے دل میں کچھ بھی خیالات کیوں نہ ہوں۔ آپ اس پر یقیناً مکلف یا مامور نہیں تھے کہ آپ ہندوستان کو یہ سرٹیفکیٹ دے کر جاتے۔ پنڈت نہرو کی مہمان نوازی کی آپ تعریف کر سکتے تھے۔ اور اس کے لئے ان کا شکریہ بھی ادا کر سکتے تھے۔ لیکن بغیر مکمل معلومات کے اس قسم کی مدح سرائی قطعاً بے محل تھی۔ قیامت تو یہ ہے کہ آپ نے یہ اعلان "محافظ مقامات مقدسہ" کی حیثیت سے کیا ہے۔ باقی رہے مسلمانان ہندوستان تو جن دنوں "مقامات مقدسہ" کے یہ محافظ نہرو کے لئے یہ سارٹیفکیٹ مرتب فرما رہے تھے۔ عین انہی دنوں امین الدولہ پارک (لکھنؤ) میں ان سوختہ بخت مسلمانوں کو شدھ کیا جا رہا تھا! کیا شاہ سعود کے کانوں تک یہ خبر بھی نہیں پہونچ سکی تھی! اس حیثیت کی ذمہ داری بہت بڑی ہے۔ اور اس کا تقاضا اس وقت تک پورا نہیں ہو سکتا تھا جب تک کہ پاکستان سے استصواب نہ کر لیا جاتا۔ کیونکہ پاکستان ہی تصویر کا دوسرا رخ پیش کر سکتا ہے۔ اس سلسلہ میں یہ امر قابل ذکر ہے کہ شاہ سعود نے مقبوضہ کشمیر جانے کا خیال ترک کر دیا تھا یہ اعتراف تھا اس حقیقت کا کہ پاکستان کا مقدمہ کشمیر کے بارے میں یونہی رد نہیں کیا جا سکتا۔ اور پاکستان کے مقدمے کا غالب پہلو یہ ہے کہ مسلمانان کشمیر پر ہندوستان نے عرصۂ عافیت تنگ کر رکھا ہے۔ جب تک پاکستان کا یہ الزام باقی ہے شاہ سعود کا سرٹیفکیٹ قطعی نہیں ہو سکتا۔ اقبال نے تو یہ کہا تھا کہ "پاسباں مل گئے کعبہ کو صنم خانے سے"۔ لیکن شاہ موصوف کے بیان کے بعد یہ کہنا پڑتا ہے کہ "پاسبانِ کعبہ بھی نذر برہمن ہو گئے"!

---

## جاہلی عصبیت

خان عبدالغفار خاں کی ذہنیت اور اس ذہنیت سے پرورش پذیر انی سیاست مزید تبصرے کی محتاج نہیں اس پر طلوع اسلام میں لگی لپٹی رکھے بغیر تفصیل سے لکھا جا چکا ہے لیکن انھوں نے جو تازہ مثال پیش کی ہے۔ وہ جاہلی عصبیت کی بدترین صورت ہے۔ آپ ان دنوں "اپنے بڑے بھائی" یعنی مشرقی پاکستان کے مہمان ہیں۔ لیکن یہ دو بھائی بھی خوب ہیں کہ ان کی زبان بھی مشترک نہیں۔ چنانچہ جب آپ ڈھاکہ میں عوامی لیگ کے ایک جلسہ کو خطاب کرنے کے لئے کھڑے ہوئے تو آپ کو یہ مشکل پیش آئی کہ "بڑے بھائی" یا اس کی اولاد سے کس زبان میں گفتگو کریں۔ بنگلہ وہ خود جانتے نہیں تھے اور پشتو ان کے سامعین نہیں جانتے تھے۔ لہٰذا انہیں اردو کا سہارا لینا پڑا۔ واضح رہے کہ آپ سرحد سے باہر اردو میں ہی تقریریں کرنے کے عادی ہیں۔ ہندوؤں کے دور میں وہ ہر اسٹیج پر اردو میں ہی بات کرتے تھے۔ حالانکہ ہندوؤں میں اردو کے خلاف جذبات پیدا کر دیئے گئے تھے۔ اور اس زبان کی بجائے ہندی کو رائج کیا جا رہا تھا۔ پاکستان میں آ کر آپ کی نگاہوں میں اردو کی حیثیت بالکل ادنیٰ ہو گئی ہے ڈھاکہ میں آپ کو اردو میں خیالات کا اظہار کرنے سے پیشتر یہ معذرت کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ وہ ایک ایسی زبان میں بول رہے ہیں جو نہ ان کی اپنی زبان ہے نہ سامعین کی۔ پوچھا جا سکتا ہے کہ آپ کے لئے اردو زبان میں بولنا اتنا ہی معیوب ہے کہ اس کے لئے معذرت کی ضرورت محسوس ہوئی ہے تو آپ نے پشتو میں کیوں نہ تقریر کی؟ آخر وہ ان کی اپنی زبان تو تھی۔ چند ماہ پیشتر آپ نے کراچی میں اس کی نظیر بھی قائم کر دی تھی۔ آپ نے یہاں ایک پریس کانفرنس طلب کی تو ہر چند اصحاب پریس میں پشتو بولنے والے نہیں تھے۔ آپ نے ان سے پشتو میں ہی خطاب کیا اور ایک صاحب سے پشتو کا ترجمہ اردو میں کرایا۔ آپ نے اس پر ڈھاکہ میں کیوں عمل نہ کیا؟ وہاں بھی پشتو کا ترجمہ بنگلہ میں ہو سکتا تھا۔ ظاہر ہے کہ وہاں پشتو استعمال کر کے کچھ اثر پیدا نہیں کیا جا سکتا تھا چنانچہ آپ نے اپنی مادری زبان کو بھی چھٹی دیدی۔ اسی ڈھاکہ میں جہاں قائداعظم نے فرمایا تھا کہ پاکستان کی قومی زبان اردو اور صرف اردو ہے۔ اور جو اس کے خلاف ہے وہ پاکستان کا دشمن ہے۔ آج اسی ڈھاکہ میں اردو

# اسلام کی سرگزشت

عربوں کی عقلیت جاہلیہ اور عقلیت اسلامیہ کے باہمی فرق کو واضح کرنے کے بعد دونوں عقلیتوں کے تزاحم و تصادم سے جو نتائج برآمد ہوئے ان کو بیان کیا جا رہا تھا اور بتایا گیا تھا کہ یہ سمجھنا قطعاً غلط ہے کہ اسلامی عقلیت نے جاہلی عقلیت کو بالکلیہ ختم کر دیا تھا اور اس کا کوئی اثر عربوں کی زندگی پر باقی نہیں رہا تھا۔ آج کی فرصت میں بھی یہی گفتگو جاری ہے۔

اغانی نے بیان کیا ہے کہ طویس (گویا) ان اشعار کا بڑا ہی گرویدہ تھا جو اوس اور خزرج نے اپنی باہمی جنگوں کے بارہ میں کہے تھے۔ اس کا مقصد غالباً ان اشعار کو گانے سے ان قبائل کو ایک دوسرے کے خلاف بھڑکانا ہوتا تھا۔ چنانچہ بہت کم کوئی ایسی مجلس ہوتی تھی جس میں دونوں قبیلے جمع ہوں اور وہاں طویس کو گانے کا موقع مل جائے، اور کوئی فتنہ وہاں پیدا نہ ہو۔۔۔۔۔۔ طویس کا گانا دلوں کی دبی ہوئی باتوں کو ابھار کر دیتا اور چھپے ہوئے کینوں کو باہر نکال دیتا تھا۔ اگر ہم شرح و بسط سے مختلف قبائل کے درمیان ان جنگوں کو بیان کرنا شروع کریں جن کی بنیاد عصبیت جاہلیہ تھی تو بات بہت طویل ہو جائے گی۔

بنو امیہ کے دور میں ذرا شعراء پر نظر ڈالتے جاؤ تو یہ چیز تمہیں ان میں بہت ہی واضح اور نمایاں نظر آئے گی۔ یہ شعراء مختلف قبائل میں بٹے ہوئے تھے۔ اپنے قبیلوں کی تعریفیں کرتے تھے اور دوسروں کی مذمت اور ہجو کہتے تھے۔ بالکل اسی طرح جیسے جاہلیت کے شعراء کیا کرتے تھے۔ اس کا بہترین نمونہ وہ ہجویہ اشعار ہو سکتے ہیں جو جریر، فرزدق اور اخطل نے کہے ہیں۔

تنہا عصبیت کا پہلو ہی نہیں تھا جو زمانۂ اسلام میں جاہلی رجحانات کو ہمارے سامنے نمایاں کر دیتا ہو۔ بلکہ اس کے علاوہ کچھ دوسرے رجحانات بھی تھے جو وضاحت میں اس سے کم نہیں تھے۔

ارتداد کی جنگیں بھی اسی ضمن میں آجاتی ہیں۔ کیونکہ عرب کے بہت سے قبائل خلیفہ کو زکوٰۃ ادا کرنے کو اپنے اوپر ایک قسم کا ٹیکس اور ذلت کی بات سمجھتے تھے وہ اسے اسی نگاہ سے دیکھتے تھے کہ ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ پر مسلط ہو گیا ہے اور وہ ان پر کچھ ٹیکس یا تاوان عائد کر دیتا ہے۔ رسول اللہ صلعم کی وفات کے موقعہ کو انہوں نے غنیمت سمجھا اور اپنے اس جاہلی شعور کی تعبیر انہوں نے یہ کی کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کو زکوٰۃ ادا کرنے سے منع انکار کر دیا۔ قرہ بن ہبیرہ نے اس بارہ میں حضرت عمرو بن العاص سے کہا تھا۔ "اے عمرو! عرب لوگ خوشی سے یہ ٹیکس نہیں دے سکتے۔ اگر تم انہیں اس سے معاف کر دو اور ان کے مال ان سے نہ لو تو وہ تمہاری اطاعت اور فرمانبرداری کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر تم نے یہ نہ مانا تو عرب لوگ تمہارے جھنڈے کے نیچے کبھی جمع نہیں ہو سکتے۔" ان کی عقل میں یہ بات نہیں آتی تھی کہ زکوٰۃ کوئی ٹیکس نہیں ہے بلکہ یہ تو مال کا وہ حصہ ہے جو مصالح عامہ خرچ کرنے کے لئے تمام مسلمانوں سے لیا جاتا ہے۔ اور اسلام کا منشاء اس سے اتنا ہی ہے۔

اس پر اتنا اضافہ اور کر لو کہ بعض مسلمان۔ خصوصیت کے ساتھ دیہات کے باشندے ۔۔ اپنی اجتماعی زندگی میں جاہلی رجحانات کے ماتحت ہی زندگی بسر کرتے تھے۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا، حمیت و عصبیت، اور شراب وغیرہ ان کا روزانہ کا معمول تھا۔ روایات میں ہے کہ حضرت عمر بن الخطابؓ نے حطیئہ شاعر کو محض اس لئے قید کر دیا تھا کہ وہ اشعار میں بیہودہ باتیں کہا کرتا تھا، لوگوں کی مدح اور ہجو میں ایسی ایسی باتیں کہہ جاتا تھا جو واقعتہً ان میں نہیں ہوتی تھیں۔ کچھ عرصہ کے بعد حضرت عمرؓ نے اسے رہا کر دیا۔ جب وہ جانے لگا تو حضرت عمرؓ نے اسے پھر آواز دی۔ وہ واپس آیا تو فرمانے لگے۔ "حطیئہ! مجھے ایسا نظر آتا ہے کہ تم پھر کسی قریشی نوجوان کے پاس بیٹھے ہوگے جس نے تمہارے بیٹھنے کے لئے گدا بچھا رکھا ہوگا اور وہ کہہ رہا ہوگا ۔۔ حطیئہ! ہمیں کچھ گانا سناؤ۔ اور تو پھر لوگوں کی عزت و آبرو سے کھیلنا شروع کر دے گا" زید بن اسلم کا بیان ہے کہ ایک عرصہ کے بعد میں نے خود حطیئہ کو عبید اللہ بن عمر کے پاس بیٹھا دیکھا جنہوں نے اس کے بیٹھنے کے لئے ایک گدا بچھا رکھا تھا۔ عبید اللہ بن عمرؓ اس سے کہہ رہے تھے "حطیئہ! ہمیں کوئی گانا تو سناؤ" اور وہ انہیں گانا سنا رہا تھا۔ میں نے حطیئہ سے کہا۔ حطیئہ! تمہیں حضرت عمرؓ کی بات یاد نہیں تو وہ کچھ گھبرا سا گیا اور کہنے لگا۔ خدا حضرت عمرؓ پر رحم فرمائے۔ اگر وہ آج زندہ ہوتے تو ہم یہ کچھ نہ کر سکتے"

بنو امیہ کے اکثر اور بنو ہاشم کے بعض نوجوان جس قسم کی زندگی بسر کرتے تھے اسے جاہلیت سے تو قریب تر کہا جا سکتا ہے۔ مگر اسلام سے قریب تر نہیں کہا جا سکتا۔ شراب، شکار، عورتوں کی عشقیہ باتوں سے متعلق اشعار ان کا شغل تھا۔ مثلاً یزید بن معاویہ اور اس کے ساتھی۔ مسعودی کا بیان ہے کہ "یزید عیش و طرب کا دلدادہ اور شکار کے لئے شکاری جانور اور کتے پالتا تھا اور شراب پیتا تھا۔ اس کے زمانہ میں مکہ اور مدینہ میں گانے کا بہت رواج ہو گیا تھا اور کھیل کود کی چیزیں عام طور پر استعمال ہونے لگی تھیں اور لوگ علانیہ شرابیں پینے لگے تھے۔ یزید کے ساتھیوں اور اس کے گورنروں اور حکام پر بھی اس کے کردار کا اثر نمایاں تھا۔"[۵۲]

ولید بن عقبہ اموی کی سیرت کا مطالعہ کیجئے جو حضرت عثمان بن عفانؓ کا اخیافی بھائی ہوتا تھا۔ یہ ایک شاعر بہادر اور نہایت سخی قریشی نوجوان تھا۔ حضرت عثمانؓ کی طرف سے کوفہ کا گورنر بھی رہا ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ اس کی زندگی میں اسلام نے کچھ زیادہ اثر نہیں کیا تھا۔ یہ شراب پیتا تھا اور اس کا مکان عراق کے اوباشوں کا ملجا و ماوٰی بنا رہتا تھا۔ اس میں زمانۂ جاہلیت والی سخاوت اور جاہلی عصبیت بہت نمایاں تھی۔[۵۳]

اغانی کا بیان ہے کہ حارث بن خالد مخزومی جسے عبد الملک بن مروان نے مکہ کا گورنر مقرر کیا تھا حضرت طلحہؓ کی صاحبزادی بی بی عائشہ سے محبت کرتا تھا۔ عائشہ طواف کے لئے مسجد حرام میں آئیں اور حارث بن خالد کو کہلا بھیجا کہ ذرا نماز کو مؤخر کر دینا تاکہ میں طواف سے فارغ ہو جاؤں۔ حارث بن خالد نے مسجد کے مؤذنوں کو تاکید کر دی چنانچہ انہوں نے نماز میں کچھ دیر کر دی حتیٰ کہ عائشہ طواف سے فارغ ہو گئیں۔ حاجیوں کو اس کا علم ہوا تو انہوں نے ناگواری ظاہر کی اور زبردست احتجاج کیا جس پر عبد الملک بن مروان نے حارث بن خالد کو مکہ کی گورنری سے معزول کر دیا۔

---

# طلوع اسلام

دسمبر کے آخر تک ہفتہ وار شائع ہوگا اور اس کے بعد یکم فروری کو ماہنامہ کا پہلا پرچہ آپ تک پہنچے گا۔

(۲) ہفتہ وار خریداران کا حساب ماہنامہ کی طرف منتقل کر دیا جائے گا۔

(۳) جن احباب نے ہفتہ وار طلوع اسلام کے لئے ہمیں کوئی مالی امداد دی تھی (خواہ وہ پانچ روپے ہی کیوں نہ تھی) ہم نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ

**تا حین حیات طلوعِ اسلام اُن کی خدمت میں حاضر ہوتا رہیگا۔**

ہمارا یہ وعدہ بدستور قائم ہے۔ اُن کی خدمت میں ماہنامہ بھی بلاقیمت پہنچتا رہے گا۔ وبیدہ التوفیق۔

---

[۵۱] اغانی صفحہ ۱۷۵ [۵۲] یزید ابن معاویہ کے خلاف یہ روایات محل نظر ہیں۔ روایات موافق و مخالف دونوں طرح کی پائی جاتی ہیں یہی وجہ ہے کہ موافقت و مخالفت میں بہت کچھ لکھا گیا ہے

[۵۳] کتاب الاغانی جلد چہارم اور کتاب الاصابہ ابن حجر جلد ششم میں اس کی سیرت پڑھئے

[۵۴] ان کے علاوہ غیر اموی لوگوں میں سے اغانی کی گیارھویں جلد میں شبیب (ابن البرصاء) کی سیرت کا بھی مطالعہ کیجئے۔

# درسِ بخاری

(۵)

بسلسلۂ سابقہ صحیح بخاری کی منتخب احادیث بلا تبصرہ پیش کی جا رہی ہیں۔ احادیث کا ترجمہ مرزا حیرت صاحب دہلوی کا کیا ہوا ہے۔ حوالہ کے لئے اوپر صفحہ کا نمبر دے دیا گیا ہے۔ اور نیچے حدیث کا نمبر ہے۔

## رسول اللہ صلعم (معاذ اللہ) اپنے دشمنوں کو دھوکہ سے قتل کرا دیا کرتے تھے

(۳۰۹/۱۱۹۷) عمرو بن دینار کہتے ہیں میں نے جابر بن عبداللہ سے سنا کہ وہ کہتے تھے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کعب بن اشرف کے (قتل کا) کون ذمہ لیتا ہے اس نے اللہ اور اس کے رسول کو بڑی ایذا دی ہے محمد بن مسلمہ نے کھڑے ہو کر کہا کیا آپ کو پسند ہے کہ اسے مار ڈالوں۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ محمد بن مسلمہ نے کہا مجھے اجازت دیجئے کہ میں کچھ بات بناؤں آپ نے فرمایا تجھے اختیار ہے محمد بن مسلمہ اس کے پاس گیا۔ اور اس سے کہا اس شخص نے (یعنی محمدؐ نے) ہم سے صدقہ مانگا ہے۔ اور ہمیں ستا رکھا ہے۔ میں تجھ سے کچھ قرض لینے آیا ہوں۔ کعب بن اشرف بولا (ابھی کیا ہے) ابھی تو تم اس سے رنج اٹھاؤ گے۔ محمد بن مسلمہ نے کہا کہ خیر اب تو اس کا اتباع کر لیا۔ ابھی ہم اسے چھوڑنا نہیں چاہتے۔ جب تک ہم نہ دیکھ لیں آگے اس کا رنگ ڈھنگ کیسا ہے۔ بھائی ہم تیرے پاس ایک وسق یا دو وسق (راوی کا شک ہے) قرض لینے آئے ہیں۔ کعب بن اشرف نے کہا کہ میرے پاس کچھ رہن رکھ دو۔ انھوں نے کہا کہ تم کس کو گرو رکھنا چاہتے ہو۔ کعب نے کہا تم میرے پاس اپنی عورتوں کو رہن کر دو۔ انھوں نے جواب دیا ہم تیرے پاس عورتوں کو کیسے رکھ دیں۔ کیونکہ تو عربوں میں خوبصورت بے انتہا ہے۔ کعب بولا۔ اپنے بیٹوں کو میرے پاس رہن کر دو۔ وہ بولے بھلا ہم انھیں کیونکر رہن رکھ دیں۔ آئندہ جو ان سے لڑے گا یہ طعن کرے گا کہ تو تو ایک وسق یا دو وسق پر رہن رکھا گیا تھا۔ اور یہ ہم پر عار ہے۔ لیکن ہم تیرے پاس ہتھیار رکھ دیں گے۔ محمد بن مسلمہ نے کعب سے دوبارہ ملنے کا وعدہ کیا۔ اور رات کے وقت کعب کے پاس آئے۔ اور محمد بن مسلمہ کے ہمراہ ابونائلہ کعب کے دودھ شریک بھائی بھی تھے۔ کعب نے انھیں قلعہ میں بلا لیا اور خود ان کے پاس آنے لگا۔ اس کی بی بی بولی تو اس وقت کہاں جاتا ہے۔ کعب نے جواب دیا یہ صرف محمد بن مسلمہ اور میرا بھائی ابونائلہ ہے۔ کچھ ڈر کی بات نہیں ہے۔ عورت بولی میں ایسی آواز سنتی ہوں کہ اس میں سے خون ٹپکتا ہے۔ کعب نے کہا کہ یہ صرف میرا بھائی محمد بن مسلمہ اور میرا دودھ شریک بھائی ابونائلہ ہے۔ اور سخی تو اگر رات کے وقت نیزہ مارنے کے لئے بلایا جائے تو فوراً منظور کر لے۔ پھر کعب بولا محمد بن مسلمہ اور ابونائلہ دو اور آدمیوں کے ساتھ اندر چلے آئیں۔ محمد بن مسلمہ اپنے ساتھ دو آدمیوں کو لے کر آئے اور ان سے کہہ دیا کہ جب کعب بن اشرف آئے گا۔ تو میں اس کے بال پکڑ کر سونگھوں گا۔ جب تم دیکھو گے میں نے اس کے سر کو مضبوط پکڑ لیا تم جلد اسے مارنے لگنا۔ جب کعب ان کے پاس چادر سے سر لپیٹے ہوئے آیا۔ اور خوشبو کی مہک اس میں پھیل رہی تھی۔ تب محمد بن مسلمہ نے کہا کہ میں نے آج کی خوشبو سے اچھی کبھی کوئی خوشبو نہیں دیکھی۔ کعب نے جواب دیا میرے پاس عورت عرب کی سادات عرب کی خوشبودار ترین اور کامل ترین ہے۔ عمرو نے کہا محمد بن مسلمہ نے پوچھا تو مجھے اپنا سر سونگھنے کی اجازت دیتا ہے۔ اس نے کہا ہاں محمد بن مسلمہ نے سونگھا اور اپنے یاروں کو سنگھایا۔ پھر محمد بن مسلمہ نے کہا پھر مجھے دوبارہ سونگھنے کی اجازت دو۔ اس نے کہا ہاں۔ جب محمد بن مسلمہ نے اسے مضبوط پکڑ لیا۔ تب اس نے کہا مارو۔ اس کے ساتھیوں نے کعب بن اشرف کو مار ڈالا۔ اور رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے مارنے کی خوشخبری سنائی۔

(۳۱۰/۱۱۹۹) براء بن عازبؓ کہتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے چند انصار کو ابی رافع یہودی کے پاس بھیجا۔ اور ان پر عبداللہ بن عتیک کو امیر بنایا۔ ابو رافع رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو سخت ایذا دیتا تھا۔ اور آپ کے نقصان پر امداد کرتا تھا اور وہ اپنے اس قلعہ میں جو زمین حجاز میں تھا رہتا تھا۔ جب یہ لوگ اس کے قریب پہنچے۔ اس وقت سورج چھپ چکا تھا۔ اور لوگ اپنے مویشیوں کو شام کے وقت واپس لا چکے تھے۔ عبداللہ بن عتیک نے اپنے یاروں سے کہا کہ تم اپنی جگہ بیٹھو میں جاتا ہوں۔ دربان سے (کوئی) لطیف حیلہ کروں گا شاید میں اندر چلا جاؤں۔ پھر قلعہ کی طرف راہی ہوا۔ یہاں تک کہ دروازہ کے قریب پہنچ گیا۔ پھر اپنے کپڑے میں اپنے آپ کو اس طرح چھپایا جیسے کوئی پاخانہ پھرتا ہے۔ قلعہ والے اندر جا چکے تھے۔ دربان نے عبداللہ کو بخیال اس کے کہ قلعہ کا آدمی ہے آواز دی اے بندے اللہ کے اگر تو اندر آنا چاہتا ہے تو آ کیونکہ میں دروازہ بند کرتا ہوں۔ میں اندر چلا گیا۔ جب سب آ چکے دربان نے دروازہ بند کر کے کنجیاں کھونٹی پر لٹکا دیں۔ عبداللہ کہتے ہیں میں نے کنجیاں لینے کا ارادہ کیا۔ پھر انھیں لے کر دروازہ کھولا۔ ابو رافع کے پاس کہانیاں ہوا کرتی تھیں۔ اور وہ اپنے بالاخانے پر رہتا تھا۔ جب اس کے پاس سے کہانی والے چلے گئے میں اس کی طرف چڑھا۔ جب کوئی دروازہ کھولتا۔ اندر کی جانب سے بند کر لیتا اور دل میں کہتا تھا اگر لوگ مجھ سے واقف بھی ہو جائیں گے تو مجھ تک ابو رافع کے مارنے سے پہلے نہ آ سکیں گے۔ جب میں اس کے پاس پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں۔ وہ ایک اندھیرے مکان میں اپنے بچوں میں (سو رہا ہے) مجھے معلوم نہ تھا کہ وہ کس جگہ گھر میں ہے۔ میں نے ابو رافع کہہ کر آواز دی۔ اس نے جواب دیا کون ہے۔ میں آواز کی طرف چلا۔ میں نے اس پر ڈرتے ڈرتے تلوار کا وار کیا۔ مگر وہ خالی گیا۔ اور وہ چلانے لگا۔ میں مکان سے نکل کر تھوڑی دیر بعد پھر اندر گیا۔ اور میں نے کہا اے ابو رافع یہ کیسی آواز تھی۔ اس نے کہا تیری ماں پر مصیبت پڑے کسی نے میرے ابھی تلوار ماری تھی۔ عبداللہ کہتے تھے پھر میں نے ایک بڑا وار کیا۔ اور وہ بھی خالی گیا۔ پھر میں نے تلوار کی دھار اس کے پیٹ پر رکھی۔ وہ اس کی پیٹھ میں نکل گئی۔ تب میں نے جانا کہ میں نے اسے مار دیا۔ پھر میں ایک ایک دروازہ کھولتا ہوا زینہ تک پہنچ گیا۔ اور یہ خیال کر کے کہ میں زمین پر آ گیا پاؤں رکھا۔ چاندنی رات میں وہ میرے نیچے گر پڑا۔ اور میری پنڈلی ٹوٹ گئی۔ میں اسے اپنے عمامہ سے پٹی باندھ کے نکلا۔ اور دروازہ پر یہ کہہ کر بیٹھ گیا میں آج رات نہ نکلوں گا۔ جب تک میں یہ نہ جان لوں کہ میں نے اسے مار دیا ہے۔ جس وقت مرغ بولا۔ ناعی (موت کی خبر سنانے والا) دیوار پر کھڑے ہو کر کہنے لگا۔ میں ابو رافع اہل حجاز کے سوداگر کے مرنے کی خبر سناتا ہوں۔ پھر میں نے اپنے یاروں سے آ کر کہا جلد چلو۔ اللہ نے ابو رافع کو قتل کر دیا میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے آ کر یہ قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا۔ اپنا پاؤں پھیلا۔ میں نے اپنا پیر پھیلایا۔ آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا وہ درد ایسا ہو گیا جیسے مجھے کبھی اس کی شکایت ہی نہ تھی۔


## مطبوعاتِ طلوعِ اسلام کی شرائط ایجنسی

### شرح کمیشن

معراج انسانیت ــــــ ۲۵ فی صدی

دیگر مطبوعات ــــــ ۳۰ فی صدی

۱- قیمت بعد وضع کمیشن بذریعہ وی پی وصول کی جائے گی۔

۲- غیر فروخت شدہ کتب واپس نہیں لی جائیں گی۔

۳- پہلی فرمائش پچاس روپے (بعد وضع کمیشن) سے کم نہیں ہونی چاہیئے۔

۴- ہر آرڈر کے ہمراہ کم سے کم چوتھائی رقم پیشگی آنی چاہیئے ورنہ تعمیل نہیں ہو سکے گی۔

نوٹ:- کراچی کے ایجنٹ صاحبان دفتر طلوع اسلام سے معاملہ طے کریں۔

ناظم ادارہ طلوع اسلام۔ پوسٹ بکس نمبر ۴۳۱۳ کراچی

# مجلسِ اقبال

## مثنوی اسرارِ خودی

### بابِ ششم

حکایت دریں معنے کہ مسئلہ نفی خودی از مخترعاتِ اقوامِ مغلوبہ
بنی نوع انسان است کہ بایں طریق مخفی اخلاق اقوامِ غالبہ
راضعیف می سازند۔

گذشتہ ابواب میں علامہ اقبال نے اس حقیقت پر زور دیا ہے کہ شرفِ انسانیت کا راز اثبات و استحکامِ خودی میں مضمر ہے۔ اور جب انسان کی خودی کمزور ہو جاتی ہے تو وہ انسانیت کی بلند خصوصیات سے عاری ہو جاتا ہے۔ زیرِ نظر باب میں انہوں نے یہ بتایا ہے کہ نفی خودی کا جو مسلک عرصہ دراز سے انسانوں کی مختلف اقوام اور مذاہب میں پایا جاتا ہے وہ درحقیقت کمزور اور مغلوب اقوام کی اختراع ہے جسے انہوں نے اس لئے وضع کیا تھا کہ غالب اقوام اپنے جوہرِ مردانگی سے محروم ہو جائیں۔ نفی خودی کے تصور کی ابتدا مشہور یونانی حکیم افلاطون سے ہوتی ہے۔ اس تصور نے یونان میں خاص مذہب کی شکل اختیار کر لی۔ پھر یہ تصور آگے بڑھا تو اس پر عیسائیت کے مسلک خانقاہیت کی پوری عمارت قائم ہو گئی۔ دوسری طرف یہ ایران میں پہنچا تو اسے مجوسیت نے اپنا لیا اور ایران کے آتشکدے اس کی آماجگاہ بن گئے۔ اسلام اسی مسلک کے خلاف ایک قوی اور پُر زور صدائے احتجاج تھا۔ اس نے اس کا پوری طرح استیصال کیا اور اس کی جگہ انسانی ذات کی نشو و نما اور استحکام کا تصور پیش کیا۔ لیکن بدقسمتی کہ تھوڑی دور آگے جا کر یہ تصور نگاہوں سے اوجھل ہو گیا اور اس کی جگہ اس افلاطونی تصور نے لی جو عیسائیوں کی خانقاہیت، ایران کی مجوسیت، اور ہندوؤں کی ویدانت کی شکل میں ہر جگہ پھیلا ہوا تھا۔ اب کا نام تصوف رکھا گیا اور اس کے حامل صوفی کہلائے۔ اور رفتہ رفتہ یہ تصور اس قدر عام ہو گیا کہ یہی دین کا مغز قرار پا گیا اور نفی ذات، انسانی زندگی کا منتہاء مقصود سمجھا جانے لگا۔ تصوف کی اصطلاح میں اس کا نام وحدت الوجود ہے جسے شیخ محی الدین ابن عربی نے ایک مستقل فلسفہ کی حیثیت میں پیش کیا ہے۔ ابنِ عربی کا یہ فلسفہ صدیوں سے مسلمانوں کے معاشرہ پر چھایا ہوا ہے جس کی وجہ سے ان کا جیتا جاگتا اور زندگی بخش دین، افلاطونی تصور کے گورستان میں مدفون ہو کر رہ گیا ہے۔

علامہ اقبال نے زیرِ نظر باب میں اسی باطل تصور کی تنقید لکھی ہے اور اگلے باب میں براہِ راست بتایا ہے کہ اس کا ذمہ دار افلاطون تھا۔ اس باب میں انہوں نے حقیقت کو ایک حکایت کے رنگ میں بیان کیا ہے۔ چنانچہ کہتے ہیں کہ

آں شنیدستی کہ در عہدِ قدیم
گوسفنداں در علفزارے مقیم

تم نے وہ حکایت سنی ہوگی کہ کسی قدیم زمانہ میں ایک چراگاہ میں بہت سی بھیڑیں رہتی تھیں۔

از وفورِ کاہ نسل افزا بدند
فارغ از اندیشۂ اعدا بدند

چراگاہ میں گھاس کی افراط تھی جس کی وجہ سے ان کی نسل دن بدن بڑھتی چلی جا رہی تھی اور ان کے گرد و پیش کوئی دشمن نہ تھا جس کا انہیں خطرہ ہوتا۔

آخر از ناسازیٔ تقدیرِ میش
گشت از تیرِ بلائے سینہ ریش

آخر بھیڑوں کی تقدیر نے جو پلٹا کھایا تو غیب سے ایک ایسا تیر نکلا جس نے ان کے سینہ کو چھلنی کر دیا۔ وہ تیر بلا کیا تھا۔

شیرہا از بیشہ سر بیروں زدند
بر علفزارِ بزاں شبخوں زدند

کسی جنگل کے شیر ادھر آنکلے اور انہوں نے بھیڑوں کے اس گلہ پر شبخون مارنا شروع کر دیا۔

جذب و استیلا شعارِ قوت است
فتح رازِ آشکارِ قوت است

شیروں میں قوت تھی اور قوت کا شعار یہ ہے کہ وہ کمزوروں کو اپنی طرف کھینچتی ہے اور پھر ان پر غلبہ پا لیتی ہے۔ اس طرح کی کامیابی قوت کا کھلا ہوا راز ہے۔ قوت جہاں بھی ہوگی کمزور کو مغلوب کرے گی۔ چنانچہ یہی ہوا کہ

شیرِ نر کوسِ شہنشاہی نواخت
میش را از حریت محروم ساخت

اس جنگل میں شیر کی حکومت ثبت ہو گئی اور بھیڑیں بیچاری آزادی سے محروم ہو گئیں۔

بسکہ از شیراں نیاید جز شکار
سرخ شد از خونِ میش آں مرغزار

چونکہ شیروں کا کام شکار کرنا ہے اس لئے آہستہ آہستہ وہ سارا جنگل بھیڑوں کے خون سے لالہ زار بن گیا۔

گوسفندے، زیرکے فہمیدۂ
کہنہ سالے گرگِ باراں دیدۂ
تنگ دل از روزگارِ قومِ خویش
از ستمہائے ہزبراں سینہ ریش

ان بھیڑوں میں ایک بھیڑ نہایت دانا اور فہمیدہ، کہنہ سال اور بڑی تجربہ کار تھی۔ اس نے جب اپنی قوم کی یہ مظلومیت دیکھی تو شیروں کے ظلم و ستم سے اس کا سینہ زخمی ہو گیا اور اس نے سوچا کہ اس کا علاج کیا کرنا چاہیئے۔

شکوہا از گردشِ تقدیر کرد
کارِ خود را محکم از تدبیر کرد

اس نے بھیڑوں کی تقدیر کا شکوہ کیا لیکن تقدیر کے ہاتھوں بے بس ہو کر نہیں بیٹھ گئی بلکہ اس کی تدبیر بھی سوچی اور اس طرح جو کچھ تقدیر نے بگاڑا تھا اسے تدبیر کے ہاتھوں سنوارنے کی کوشش کی۔

اس کے بعد اقبال کہتا ہے کہ کمزور انسان جو قوتِ بازو سے دشمن کا مقابلہ نہیں کر سکتا وہ ہمیشہ تدبیری حیلے سوچتا ہے۔

بہرِ حفظِ خویش مردِ ناتواں
حیلہا جوید ز عقلِ کارداں
در غلامی از پئے دفعِ ضرر
قوتِ تدبیر گردد تیز تر

غلام قومیں چونکہ قوت سے محروم ہوتی ہیں اس لئے ان کا دار و مدار عقل کی حیلہ گری پر رہ جاتا ہے وہ ہمیشہ یہ سوچتی ہیں کہ کس طرح مکر و فن کے ذریعہ قومِ غالب کو شکست دی جائے۔

پختہ چوں گردد جنونِ انتقام
فتنہ اندیشی کند عقلِ غلام

مغلوب قوم غالب سے اپنی شکست کا انتقام لینا چاہتا ہے۔ انتقام کا جذبہ آہستہ آہستہ ایسی شدت اختیار کر لیتا ہے کہ وہ جنون کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔ اس جنون کے عالم میں وہ غلام یہ سوچتا ہے کہ میں کون سا فتنہ پیدا کر دوں جس سے قومِ غالب بلا تیر و تفنگ شکست کھا جائے۔

اقبال اور قرآن
قیمت دو روپے

# عورت کا قرآن

(۳۲)

(۴) آنحضرت صلعم کے سامنے سینکڑوں نہیں ہزاروں مصلحتیں تھیں انہوں نے ۲۵ برس کی عمر میں چالیس سال کی عورت سے بھی نکاح کیا تھا۔ انہوں نے ۵۵ برس کی عمر میں ۵۰ سال کی عورت سے بھی عقد کیا تھا۔ انہوں نے بجز ایک کے، سب بیواؤں سے ہی نکاح کیا تھا، مگر آج مسلمان ایسا کرتے ہیں؟

(۵) حضرت عائشہؓ کی عمر سے متعلق تاریخی روایات کی اگر چھان بین کی جائے اور ان روایات سے ان کی عمر کا حساب کیا جائے تو نکاح کے وقت ان کی عمر چھ سال کسی طرح صحیح نہیں بیٹھتی بلکہ کم سے کم اُن کی عمر چودہ سال ہوتی ہے جو ایک جوان لڑکی کی عمر ہے۔ لہٰذا حضرت عائشہؓ کے نکاح سے صغر سنی کی شادی کے جواز پر دلیل لانا جبکہ وہ منشائے قرآنی کے بھی خلاف ہو کسی طرح درست نہیں ہوسکتا۔

(۶) حضرت عائشہ کے نکاح کے سلسلہ میں جو روایت ہے وہ بجائے خود حد درجہ مشکوک ہے۔ اور روایت کی تاریخی صحت بہرحال "قرآن" کی الہامی صحت کے مقابلہ میں مسلم نہیں۔ روایت یہ بیان ہوئی ہے کہ حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد، تنہائی کے سبب رسول اللہ، پریشان خاطر اور مغموم و ملول رہنے لگے تھے کہ ایک دن حضرت عثمانؓ بن مظعون کی بیوی خولہ آنحضرتؐ کے پاس آئیں اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ: میں خدیجہ کی وفات سے آپ کو بہت ملول پاتی ہوں۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ ہے تو ایسا ہی! خولہ نے کہا کہ پھر میں آپ کا نکاح کیوں نہ کرا دوں؟ آپ نے فرمایا کس سے کروں؟ خولہ نے عرض کیا۔

"کنواری اور بیوہ، دونوں طرح کی عورتیں موجود ہیں۔ سودہ بنت زمعہ بیوہ ہیں اور عائشہ بنت ابی بکر کنواری۔ جس کی نسبت فرمایئے، سلسلہ جنبانی کی جائے۔"

چنانچہ اُسی سال یعنی سنہ ۱۰ نبوی میں تھوڑے ہی دن آگے پیچھے، پہلے حضرت سودہ سے اور اس کے بعد حضرت عائشہ سے آپ کا نکاح ہوگیا۔

غور کیجئے "نکاح" کا مشورہ اس وقت دیا گیا ہے جب آنحضرت صلعم اپنی عزیز ترین شریک حیات کے جدا ہو جانے سے تنہائی محسوس کر کے غمگین و افسردہ ہیں۔ مقصود نکاح یہ ہے کہ کوئی بیوی آپ کے دل بہلائے گی۔ اور رسول اللہ کا غم تنہائی دور ہو جائیگا اس کے لئے دونوں طرح کی عورتوں کا نام لیا جاتا ہے۔ "کنواری" کا بھی اور "بیوہ" کا بھی کیونکہ منکوحہ کی یہی دو حیثیت ہوسکتی ہے

اگر حضرت عائشہ واقعی اُس وقت چھ سال کی ایک محض معصوم کمسن بچی تھیں تو سودہ جوان بیوہ عورت کے مقابلہ میں خولہ نے ان کو کس طرح پیش کیا؟ کیا حضرت عائشہؓ کے علاوہ اب مکہ میں کوئی ایسی کنواری عورت اس وقت موجود نہ تھی جس کو رسول اللہ شرف زوجیت بخشتے؟ کیا چھ سال کی بچی حضرت عائشہ سے نکاح کر کے رسول اللہ کی غمگینی و تنہائی دور ہوسکتی تھی! اور جب ہو بھی گیا تو کیا دور ہوسکی۔ کیا ایک "چھ سال کی بچی" سے ایک "پچاس سالہ مرد" کا غم غلط ہو سکتا ہے یا اس مرد کو سکون مل سکتا ہے؟ مقصود کو سامنے رکھ کر بلکہ بیان کرکے خولہ کا دو نام ساتھ ساتھ پیش کرنا ہی ثابت کرتا ہے کہ حضرت عائشہ اس وقت پوری بالغ تھیں۔ ایک جوان عورت کے ساتھ ایک چھ سال کی محض کمسن بچی کا کوئی جوڑ نہیں۔ ایک پچاس سالہ مرد کے سامنے بالخصوص، جبکہ اس کو بیوی کی ضرورت اس لئے ہے کہ غم تنہائی، دور ہوسکے۔ ایک چھ سال کی بچی کا نام، ایک جوان بیوہ کے دوش بدوش، کوئی صحیح الدماغ شخص تو نہیں پیش کر سکتا۔ ہم اس واقعہ کو سمجھنے سے قطعاً قاصر ہیں کہ کس طرح غم مفارقت دُور کرنے کے لئے ایک چھ سال کی انتہائی کم سن بچی کا نام خولہ نے، رسول اللہ کے سامنے پیش کردیا؟ سمجھ میں نہیں آتا کہ ایک ادھیڑ مرد کے سامنے شادی کے لئے دو عورتوں کا نام برابر پیش کیا جائے۔ مگر ان میں ایک چھ سال کی کم سن بچی ہو؟ بہرحال یہ روایت حد درجہ مشکوک ہے بلکہ میں صاف صاف کہتی ہوں کہ غلط ہے اور ہرگز اس قابل نہیں کہ اس روایت کو جس میں شک کی اس قدر گنجائش ہے، خدا کے صاف وصریح حکم پر فائق اور حاکم قرار دے کر اس سے نابالغ لڑکی کے نکاح کا جواز ثابت کیا جائے۔

غرض کسی اعتبار سے بھی، حضرت عائشہ کی شادی کو نابالغ عورت کی شادی کے جواز میں پیش کر کے، نابالغیت کی شادی کا ثبوت نہیں بہم پہنچایا جاسکتا۔ اسلام صرف بالغ مرد و عورت سے نکاح کا حکم دیتا ہے اور اس خصوصیت سے کہ دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر اور پسند کر کے نکاح کریں تاکہ وہ رشتہ مضبوط، استوار اور مستحکم رہے۔

"نکاح" کیا ہے؟ اس کو رسالہ "طلوع اسلام" کی زبان سے یوں سمجھئے:-

(۱) متعہ

(۱) تراضی باہمی سے دو مرد و عورت کا ایک ایسا معاہدہ جو صرف موت یا زیادہ سے زیادہ طلاق اور خلع سے فسخ ہوسکتا ہے۔

(۲) ایک ایسا قول و قرار اور ایک ایسا اتحاد و اتصال جس کا مقصد افزائش نسل، عائلی زندگی میں "من تو شدم تو من شدی" کی کیفیت۔ باہمی مودت و محبت۔ ایک دوسرے کی رفاقت۔ باعث سکون و طمانیت اور اس طرح ایک چھوٹی سی وحدت (Unit) میں قرآنی نظام کو مرتسم کرنا۔

(۳) ایک ایسا عہد و پیمان جس میں اللہ کی نئی مخلوق (اولاد) کی تمام ذمہ داریاں اپنے سر لی جاتی ہیں۔

(۴) ایک ایسا میثاق و حلف، جس کو موت بھی توڑ اور ختم نہ کرسکے۔ یہاں تک کہ مرنے والے کے ترکہ تک میں زندہ حصہ دار ہو جائے۔

لیکن اگر ان خدائی حدود کو توڑ دیا جائے یا ان کا پورا پورا لحاظ نہ کرکے دو مرد و عورت باہم مل جائیں تو اسے "زنا" کہا جاتا ہے۔

(۱) جس کو خدا نے حرام کیا ہے۔

(۲) جس کو رسول نے کبھی نہ کیا۔

(۳) جس کو دنیا کے ہر ملک، ہر سوسائٹی اور ہر طبقہ میں بے شرمی، بے حیائی اور باعث رسوائی سمجھا جاتا ہے۔

(۴) جس میں خدائی حکومت میں سو کوڑے لگائے جاتے ہیں اور انسانی فرمانروائی میں قید خانہ کی سزا ملتی ہے۔

(۵) جس کے سبب انسان خود اپنے آپ کو ذلیل سمجھتا ہے۔

قرآن مجید نے ان دونوں قسم کے تعلقات کو دو لفظوں میں بیان کیا ہے اور اس حسن و خوبی اور جامعیت کے ساتھ کہ جس کا جواب نہیں۔ قرآن نے بتایا ہے کہ "عورت" اور "مرد" کے تعلقات مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسَافِحِيْنَ ہونے چاہئیں۔

(۱) مُحْصِنِيْنَ — قانون خداوندی کی مقرر کی ہوئی حدود و قیود کے اندر تعلقات۔

(۲) مُسَافِحِيْنَ — وہ تعلق جس سے مقصود صرف شہوت رانی ہو۔

اسلامی معاشرت
از پرویز
قیمت دو روپے

# بھارت اور سوویٹ روس کا قدیم ثقافتی رشتہ

[ روس کے نمائندوں کی ہندوستانی سیاحت سے جو وہاں نئی فضا پیدا ہو رہی ہے اس کا اندازہ اس سے لگ سکتا ہے کہ وہاں یہ خیالات ابھرنے شروع ہو گئے ہیں (یا ابھارنے شروع کر دیئے گئے ہیں) کہ روس اور ہندوستان میں زمانہ قدیم سے گہرے تعلقات چلے آ رہے ہیں۔ اس ضمن میں ذیل کا مقالہ جو اخبار مدینہ کی ۲۰ر دسمبر کی اشاعت میں شائع ہوا ہے۔ دلچسپی سے پڑھا جائیگا۔ طلوع اسلام ]

بھارت اور سوویٹ روس کے پردھان منتری نے ۲۳ر جون ۱۹۵۵ء کو جس مشترکہ بیان پر ماسکو میں دستخط کئے تھے۔ اس میں ایک جگہ لکھا ہے۔

" دونوں پردھان منتری یقین رکھتے ہیں کہ اس بیان میں جن پانچ اصولوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے تحت دونوں ملکوں کے مابین، ثقافتی، اقتصادی اور ٹیکنیکل تعاون کو فروغ دینے کی کافی گنجائش موجود ہے۔ دونوں ملک اپنے اپنے ہاں ایسے نظام پر کاربند ہیں جو انہوں نے اپنے اپنے خصائل روایات اور ماحول کے مطابق وضع کیا ہے۔ لیکن یہ حقیقت بھی ان کے مابین مذکورہ تعاون کے لئے مانع نہیں ہے "۔

بھارت اور روس کے مابین صدیوں سے تجارتی سیاسی اور ثقافتی تعلقات چلے آتے ہیں۔ بھارت کی اشیاء خاص کر کپڑے روس کی منڈیوں میں بکتے تھے۔ اور شہد موم وغیرہ اشیاء روس سے بھارت آتی تھیں۔ دونوں ملکوں کے مابین سیاسی تعلقات قائم کرنے کی بھی کوششیں ہوتی رہیں۔ بھارت کے پردھان منتری اپنی کتاب " ڈسکوری آف انڈیا " میں بھارت اور روس کے ان تعلقات کے بارے میں یوں لکھتے ہیں۔

" ۱۵۳۲ء میں شہنشاہ بابر کا ایک ایلچی جس کا نام خواجہ حسین تھا۔ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کا معاہدہ طے کرنے کے لئے ماسکو گیا تھا۔ زار مائیکل فیڈروچ کے دور حکومت (۱۶۱۳-۴۵ء) میں بھارتی تاجر والگا کے کنارے آباد ہو گئے تھے۔ ۱۶۲۵ء میں فوجی گورنر کے حکم سے استرخاں میں ایک ہندوستانی سرائے تعمیر کی گئی تھی۔ ہندوستانی دستکاروں خاص کر جولاہوں کو ماسکو آنے کی دعوت دی گئی تھی۔ ۱۶۹۵ء میں سیمین سلنکی نامی روس کا ایک تجارتی ایجنٹ اورنگزیب کے زمانے میں دہلی آیا تھا۔ ۱۷۲۲ء میں زار روس پیٹر اعظم نے استرخاں کا دورہ کیا تھا۔ وہاں انہوں نے بھارتی تاجروں سے ملاقات کی تھی۔ ۱۷۴۳ء میں ہندوستانی سادھوؤں کی ایک جماعت گوشہ نشینوں کی حیثیت سے استرخاں گئی تھی۔ ان میں سے دو سادھو روس ہی میں رہ گئے اور روسی شہری بن گئے۔

ان تعلقات نے ہی روسیوں کو بھارت کے رسم و رواج، زبانوں، ادبی تصانیف اور اس کے لوگوں کی ثقافت کا مطالعہ کرنے اور اسے سمجھنے پر مائل کیا۔ اتانسی نیکیتن دوسرا یوروپی باشندہ تھا۔ جو تجارت کی غرض سے ٹائیر سے بھارت آیا تھا۔

(۱۴۶۶-۷۲) ٹائیر اسٹکل کالیبن کہلاتا ہے۔ وہ بہت ہوشمند اور متجسس آدمی تھا۔ اس نے حتی الامکان بھارت کی بول چال کے بہت سے الفاظ سیکھنے اور ان کو استعمال کرنے کی کوشش کی۔ کیونکہ اس کی رائے تھی کہ جن لوگوں سے اسے ملنے جلنے کا موقع ملتا ہے۔ ان کی زندگی، خیالات اور جذبات کا زیادہ قریب سے مطالعہ کا یہی ایک یقینی طریقہ ہے نکیتن نے جو شمع روشن کی تھی اسے اٹھارویں صدی میں زیادہ فروغ حاصل ہوا۔ اس عرصہ میں فلپ ایفریموف، اتاناسوف برادران رائیل ڈولی بیکوش وت چاگنی اور لیبڈوت بھارت آئے لیبڈوت نے سب سے پہلے بھارت میں ڈرامہ گاہ کھولی تھی۔ اس نے ۱۷۹۵ء میں بڑی کامیابی سے دو مشہور انگریزی ڈراموں کو بنگالی میں پیش کیا تھا۔ ان ڈراموں کے ترجمے ہندوستانی عالموں نے کئے تھے۔ لیبڈوت نے ایک ہندوستانی گرامر لکھی جسے اس نے ۱۸۰۱ء میں لندن میں چھپوایا۔ بعد ازاں اس کو حکومت کی طرف سے ایک رقم بطور امداد دی گئی۔ تاکہ سینٹ پیٹرز برگ میں ایک سنسکرت کا چھاپہ خانہ کھولے۔ وش چاگنی جو ایک مشہور مصور تھا انیسویں صدی کے آخری حصے میں بھارت آیا تھا۔ اس نے بھارت کے تاریخی واقعات قدیم عمارتوں اور دلکش مناظر کی تصویریں بنائی ہیں۔ اس کی ایک تصویر جو دائمی کشش اور دلچسپی کا موجب بنی ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی سے متعلق ہے اس تصویر میں برطانوی توپوں کو بھارت کے کچھ فوجیوں کی پیٹھ پر تانے دکھایا گیا ہے۔

بھارت کی بہت سی قدیم اور جدید تصانیف کے روسی زبان میں ترجمے ہو چکے ہیں۔ سب سے پہلے ۱۷۸۸ء میں بھگوت گیتا کا ترجمہ روس میں شائع ہوا تھا۔ اس کے بعد کالیداس کی تصانیف شکنتلا (۱۷۹۰ء) رگھوونش اور میگھ دوت (۱۸۱۰ء) کا ترجمہ سنسکرت نظموں کے عنوان سے شائع ہوا کالیداس کے تین ڈراموں کا ترجمہ ۱۸۱۶ء میں میں شائع کیا گیا۔

اس کے علاوہ نل دمینتی۔ رامائن، للولال جی کا پریم ساگر۔ اور دور جدید کی تصانیف میں سے ٹیگور، نہرو، پریم چند (۱۹۲۷ء) اور دیگر مصنفوں کی بہترین کتابوں کے روسی زبان میں ترجمے شائع ہو چکے ہیں۔ ۱۸۸۸ء میں کیم ردن نامی مشہور روسی مصنف، مورخ اور پبلیشر نے اپنے شکنتلا کے ترجمے کے دیباچے میں کالیداس کے بارے میں لکھا ہے: " میری نظر میں کالیداس کی وہی عظمت ہے جو ہومر کی ہے۔ دونوں نے قدرت سے فیضان حاصل کر کے قدرت نگاری کی ہے۔ پروفیسر چوباسکی نے اپنی کتاب " بدھ مت کے نروان کا نظریہ " میں لکھا ہے کہ ناگر جونا کو عظیم انسانی فلاسفروں میں شمار کیا جانا چاہیئے۔

۱۹۱۷ء کے بعد سے روس میں بھارت کی زبانوں اور لٹریچر کے مطالعہ سے دلچسپی زیادہ بڑھتی گئی۔ بہت سی یونیورسٹی اور تعلیمی و سائنسی اداروں میں الگ سیکشن قائم کئے جا چکے ہیں۔ جن میں جدید بھارتی زبانیں مثلاً ہندی اردو، بنگالی، مراٹھی، پنجابی، تامل اور تیلگو پڑھائی جاتی ہیں۔ اس مقصد کے لئے ان زبانوں کی درسی کتب اور لغات روس میں شائع کی گئی ہیں۔ ایک اردو روسی لغت ۱۹۵۱ء میں اور ایک ہندی روسی لغت ۱۹۵۳ء میں شائع کی گئی تھی۔

حکومت اور عوام دونوں ہی بھارت کے تمدن اور ثقافت کے مطالعہ کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کرتے ہیں مختلف حلقوں میں کام کرنے والے بھارتی آرٹسٹوں کے شاہکار روس میں وسیع دلچسپی اور توجہ کا باعث بنے ہیں۔ بہت سے روسی عالموں اور آرٹسٹوں نے بھارتی آرٹ اور کلچر کے بارے میں اپنے شاہپاروں کے باعث بہت ناموری اور شہرت حاصل کی ہے۔ اس زمرہ میں وش چاگنی کے علاوہ لے گراسموف واصلی الیناذف اور سیرون جنیکوف خاص شہرت رکھتے ہیں۔


ماہنامہ طلوع اسلام کے پرانے پرچے

ماہنامہ طلوع اسلام کے جو پرانے پرچے دفتر میں موجود ہیں اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

۱۹۴۹ء　اگست۔ ستمبر۔ نومبر۔ دسمبر

۱۹۵۱ء　جون، ستمبر، اکتوبر، نومبر

۱۹۵۲ء　اگست تا نومبر

۱۹۵۳ء　جنوری و اکتوبر کے علاوہ سب

۱۹۵۴ء　پورے سال کے

یہ پرچے بزم ہائے طلوع اسلام کو چوتھائی قیمت پر اور دیگر اصحاب کو آدھی قیمت پر دیدیئے جائیں گے۔ خواہشمند حضرات اپنی فرمائشیں جلد بھیجیں۔ ورنہ ختم ہو جانے کا احتمال ہے۔

ناظم ادارۂ طلوع اسلام۔ کراچی

# حقائق وعبر

## منہ طرف قبلہ شریف کے

### ہندوستان کی اشارائجیٹی کی سیاحت

سے وہاں کے اخبارات میں ایک خبر چھپی ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ سعودیہ عربیہ کے بادشاہ، شاہ سعود جو آجکل ہندوستان کی سیاحت فرما رہے ہیں اپنے سفر کے دوران میں اپنا منہ ہمیشہ کعبہ کی طرف رکھیں گے۔ کیونکہ اسلامی احکام کا یہی تقاضا ہے۔ اس مقصد کے لئے ان کے ٹرین کے ڈبے میں ان کی مسند کو اس انداز کا مقناطیسی بنایا گیا ہے کہ گاڑی کسی سمت کو جا رہی ہو ان کا رخ ہمیشہ کعبہ کی طرف رہتا ہے۔ اسی طرح ان کے ہوائی جہاز میں بھی ان کے لئے ایک مقناطیسی نشست بنائی گئی ہے جس سے وہ ہر حالت میں قبلہ رو رہ سکیں۔

چونکہ شاہ سعود، مکہ اور مدینہ کے فرمانروا ہیں اس لئے وہ شریعت کے احکام کو بہتر سمجھتے ہیں۔ لیکن جہاں تک ہم علیوں کا تعلق ہے۔ ہمارے علم میں کوئی ایسا حکم شریعت نہیں جس کی رو سے یہ فرض کر دیا گیا ہو کہ ایک مسلمان کا رخ نماز کے علاوہ ہر حال میں کعبہ کی سمت رہنا چاہیئے۔ قرآن کا یہ ارشاد کہ وحیث ما کنتم فولو وجوھکم شطرہٗ (۲/۱۴۴) یعنی جہاں کہیں تم ہو اپنے منہ کو کعبہ کی طرف پھیر دو۔ نماز کے متعلق ہے نہ کہ سفر وحضر کی ہر حالت کے لئے۔ ظاہر ہے کہ ہندوستان کو اس قسم کے خصوصی انتظامات شاہ سعود کے ایما اور ہدایت ہی پر کرنے پڑے ہوں گے اور انہی نے انہیں یہ بتایا ہوگا کہ یہ اسلام کا حکم ہے جس کی اطاعت ہم پر فرض ہے۔ اس کے بعد یقیناً ہندو (اور اس خبر کے شائع ہونے کے بعد، دنیا کے باقی لوگ بھی) یہ سوچتے ہونگے کہ یہ عجیب قسم کا مذہب ہے جس میں انسان کو ہر وقت اپنا رخ کعبہ کی طرف رکھنا پڑتا ہے۔ لیکن ہمیں اس سے حیرت ہے کہ شاہ سعود نے اس قسم کی شرط صرف ہندوستان کے سفر کے لئے کیوں عائد کی ہے۔ وہ پاکستان میں بھی تشریف لائے تھے۔ اور جہاں تک ہمیں معلوم ہے ان کے لئے اس قسم کے کوئی خصوصی انتظامات نہیں کئے گئے تھے۔

اسلام نے جب کعبہ کو تمام ملت اسلامیہ کا مرکز قرار دیا تھا۔ تو اس سے مقصود یہ تھا کہ تمام دنیا کے مسلمان ایک نظام کے تابع زندگی بسر کریں۔ اور اس نظام کا مرکز کعبہ ہو۔ اور اسی کے لئے انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ دنیا کے کسی حصہ میں بھی ہوں اپنی توجہات کا رخ ہمیشہ اپنے نظام کے مرکز کی طرف رکھیں۔ جہاں سے انہیں احکام خداوندی ملتے چلے جائیں۔ نماز میں رو بقبلہ ہونے سے مقصود بھی اسی وحدت ملت اور وحدت اطاعت کے بلند اصول کو مرئی شکل میں سامنے لانا تھا۔ یہی وہ حقیقت ہے جسے اقبال نے اس حسین انداز میں بیان کیا ہے کہ ملت اسلامیہ وہ ہے کہ

پرورد وسعت گردوں یگانہ
نگاہ او دست سرے آشیانہ

لیکن جب اصل رغایت نگاہوں سے اوجھل ہو جاتی ہے تو پھر اسی قسم کی رسم پرستی باقی رہ جاتی ہے کہ ہم کسی ٹرین میں بیٹھیں یا کسی ہوائی جہاز میں، ہمارا منہ ہمیشہ اور ہر وقت کعبہ کی طرف رہنا چاہیئے۔

---

## یہ اہتمام ہیں.....

پاکستان کو دریائے ستلج کے پانی سے محروم رکھنے کے لئے، بھارت کی حکومت، بھاکرا کے مقام پر جو بند بنا رہی ہے۔ اس کی کچھ تفاصیل (بھارتی آواز کا نپور کی ۳ر دسمبر کی اشاعت میں) شائع ہوئی ہے۔ جو درج ذیل ہیں

بھاکرا بند چھ سو اسی فٹ بلند ہوگا۔ یہ دنیا بھر میں عمودی بلندی کا سب سے زیادہ اونچا بند ہوگا۔ اس کی تعمیر پر اکاون لاکھ مکعب گز کنکریٹ استعمال ہوگا۔ اگر کلکتہ سے نیویارک تک میں فٹ چوڑی اور تین فٹ اونچی پختہ سڑک تعمیر کی جائے۔ تو کنکریٹ کی یہ مقدار اس کے لئے کافی ہوگی بھاکرا بند کی تعمیر کے لئے آٹھ لاکھ ٹن سیمنٹ کا استعمال ہوگا جس کو اگر ریل گاڑی کے چھکڑوں میں بھر دیا جائے اور ان کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑ کر کھڑا کیا جائے تو لکھنؤ سے شملہ تک راستہ ان چھکڑوں سے بھر جائے گا۔

بھاکرا بند میں پچاس ہزار ٹن فولاد صرف ہوگا۔ اگر اس فولاد کو لوہے کی پٹڑی کی ریلیں بنانے کے لئے استعمال کیا جائے تو تین سو میل لمبی ریلوے لائن بچھانے کے لئے کافی ریلیں تیار ہو جائیں گی۔

ریت اور مٹی وغیرہ کل مسالہ گڑھوں سے کھود کر ایک بیلٹ کنوینر کے ذریعہ بھاکرا بند کے موقعہ پر ساڑھے سات سو ٹن فی گھنٹہ کی رفتار سے پہنچایا جائے گا۔ وزن ایک چوڑی پٹری کی بھری ہوئی ریل گاڑی کے پورے بوجھ کے برابر ہوگا۔ یعنی فی گھنٹہ ریت وغیرہ سے بھری ہوئی ایک پوری گاڑی بند کے موقعہ پر الٹ دی جائے گی۔

بھاکرا بند کے موقعہ پر کل کھدائی کا کام چوہتر لاکھ مکعب گز یعنی انیس اعشاریہ چھ کروڑ مکعب فٹ ہوگا۔ جو اٹھائیس مہینوں میں ختم کیا جائے گا۔ ماہوار اوسط دو لاکھ چونسٹھ ہزار مکعب گز ہوگی۔ اس قدر عظیم کام تو غیر ملکوں میں بھی قبل ازیں کبھی نہیں ہوا ہے۔ ریت وغیرہ کی مجموعی مقدار


## کیا آپ نے یہ کتابیں دیکھی ہیں؟

**مزاج شناس رسول** یہ کون بتائے کہ صحیح احادیث کونسی ہیں اور غلط کونسی؟ مزاج شناس رسول؛ مزاج شناس کون ہیں؟ اس کی تفصیل اس کتاب میں ملے گی۔ ۴۰۰ صفحات ـــــ قیمت چار روپے

**مقام حدیث** حدیث کے متعلق تمام اہم سوالات کے تفصیلی جواب۔ احادیث کے متعلق اتنی معلومات کسی جگہ یکجا نہیں ملیں گی۔ دو جلدیں ہر جلد کے قریباً چار سو صفحات۔ اور قیمت فی جلد ـــــ چار روپے

**فردوس گم گشتہ** (از پرویز) ان مضامین کا مجموعہ جنہوں نے تعلیمیافتہ نوجوانوں کی نگاہ کا زاویہ بدل دیا۔ خالص ادبی نقطۂ نگاہ سے۔ اردو لٹریچر کی بلند پایہ تصنیف۔ ۴۰۶ صفحات ـــــ قیمت چھ روپے

**نوادرات** (از علامہ اسلم جیراج پوری) علامہ موصوف کے مضامین کا نادر مجموعہ۔ چار سو صفحات ـــــ قیمت چار روپے

**اسلامی معاشرت** (از پرویز) مسلمان کے عادات وخلائق کا خاکہ۔ رہنے سہنے کے ڈھنگ۔ سرکاری ملازمین کے فرائض وواجبات۔ انفرادی اور اجتماعی زندگی کا بہترین اسلوب قرآنی آئینہ میں صفحات ۱۹۲ ـ قیمت دو روپے

**نظام ربوبیت** (از پرویز) انسان کے معاشی مسائل کا قرآنی حل اور ذاتی ملکیت کا قرآنی تصور دور حاضرہ کی عظیم کتاب ضخامت تین سو صفحے ـــــ
قیمت قسم اول، ـــــ چھ روپے
" قسم دوم) غیر مجلد ـــــ چار روپے

**اقبال اور قرآن** (از پرویز) علامہ اقبال کے قرآنی پیغام سے متعلق محترم پرویز صاحب کے انقلاب آفریں مقالات کا مجموعہ ـــــ
ڈسٹ کور کے ساتھ ـ صفحات دو سو چھپن (۲۵۶) ـــــ قیمت دو روپے

تمام کتابیں مجلد ہیں اور گرد پوش سے آراستہ۔ محصول ڈاک ہر حالت میں بذمہ خریدار

ملنے کا پتہ:- ادارہ طلوع اسلام - پوسٹ بکس نمبر ۷۳۱۳ - کراچی

سات سو فٹ سطح قطر کے بنیادی دائرہ والی اور ڈیڑھ ہزار فٹ اونچی پہاڑی تیار کرنے کے لئے کافی ہوگی۔

دریا کے پانی کو بند کے محل و قوع سے ہٹا کر گذارنے کے لئے دو بڑی سرنگیں بنائی گئی ہیں۔ ان کے علاوہ کنکریٹ بہ جانے کے لئے اور طوفانی پانی کی نکاسی کے لئے کئی امدادی سرنگیں تعمیر کی گئی ہیں۔ صرف ان سرنگوں کی لمبائی قریباً دو میل ہو جائے گی۔

بھاکڑا بند اور اس کی بنیادوں کے اندر داخل ہونے والے راستے مہیا کرنے کے لئے چودہ ہزار فٹ سے زیادہ لمبی گیلریاں اور بنیادوں کی سرنگیں بنائی گئی ہیں۔

**طلوع اسلام:-**

یہ اہتمام ہیں اور ایک مشت پر کے لئے

---

**اسرافِ شاہانہ** پہلے خبر آئی تھی کہ شملہ میں شاہ سعود کے کسی ساتھی کی موٹر کے نیچے ایک بڑھیا کی مرغی آگئی تو آپ نے اس بڑھیا کو دو سو روپے عطا فرما دیئے۔ ایک بچی کے ماتھے پر چوٹ آگئی تو اس کے والدین کو ہزاروں روپے مرحمت فرمائے۔ اب یہ خبر چھپی ہے کہ میسور کے قریب ایک چائے والے نے ایک پیالہ چائے خدمت عالیہ میں پیش کیا۔ تو اس کے صلہ میں اسے دو ہزار روپیہ دیا گیا اس آخری عطیہ کے ضمن میں بھارتی وزیر ڈاکٹر سید محمود نے احتجاج کیا۔ اور شاہ سعود سے عرض کیا کہ وہ اتنی اتنی سی بات پر اس قدر گراں بہا عطیات مرحمت نہ فرمایا کریں۔

(ڈان - ۸ر دسمبر)

کیا اچھا ہوتا کہ یہ مکہ اور مدینہ کے شاہنشاہ الف لیلہ کے خلفائے عباسیہ کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرنے کے بجائے حضرت عمرؓ کی اتباع کرتے۔ جنہوں نے حضرت خالد کے خلاف یہ الزام بھی عائد کیا تھا کہ انہوں نے ایک شاعر کو ایک گراں قدر رقم انعام میں دی تھی۔ اور قرآن کا حکم سامنے رکھتے کہ اسراف و تبذیر کی ممانعت بادشاہوں کے لئے بھی ایسی ہی ہے جیسی عوام کے لئے، یہ وہ حضرات ہیں جنہیں ہمارے علمائے کرام محی سنت رسول اللہ کہہ کر ان کی شان میں حمد و ستائش کے قصیدے پڑھا کرتے ہیں۔

ملوکیت، ملوکیت ہی ہے، خواہ اس کا دار السلطنت مکہ ہی کیوں نہ ہو۔

---

**اے کاش!** دہلی کے اخبار الجمعیۃ (بابت ۲ر دسمبر ۱۹۵۵ء) میں ہندوستان کے متعلق حسب ذیل خبر شائع ہوئی ہے۔

"معلوم ہوا ہے کہ دوسرے پانچ سالہ پلان میں تعلیم یافتہ اشخاص کی بے روزگاری کا مسئلہ حل کرنے کے لئے پندرہ کروڑ روپے کی رقم مخصوص کر دی گئی ہے۔ ہر ایک میٹرکولیٹ اس سے فائدہ اٹھائے گا۔ بشرطیکہ وہ اشاعت تعلیم کے لئے دیہات میں جانے کے لئے تیار ہو۔ قیام و طعام کی ان سہولتوں کے علاوہ جو دیہات کے لوگ مہیا کریں۔ ایسے نوجوانوں کو مرکزی حکومت کی طرف سے پچاس روپیہ ماہانہ دیئے جائیں گے۔ اور اس اسکیم سے براہ راست حکومت کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ تعلیم یافتہ نوجوانوں میں بے روزگاری کس حد تک ہے۔ جو تعلیم یافتہ نوجوان بے روزگار ہیں۔ وہ اس اسکیم سے اور فائدہ اٹھائیں گے"

**طلوع اسلام** اے کاش! ایسی کوئی خبر کراچی سے بھی شائع ہوتی!


فلیوری کمپنی

ہم نے سلہٹ اور چاٹگانگ کے باغیچوں سے عمدہ اور خوشبودار چائے کے منگوانے کا خاص بندوبست کیا ہے۔

ضرورتمند اصحاب مندرجہ ذیل پتہ پر رجوع ہوں


فلیوری کمپنی

محمد فیروز اسٹریٹ ــــ جوڈیا بازار ــــ کراچی

فون نمبر ۳۲۸۱۹ } ٹیلیگرام: KASHMIRTEA

تحفہ دینا اچھی بات ہے

بی پی کی مٹھائیاں تحفہ میں دیجئے



گنا ــــــ قدرت کی نعمت

جس سے شکر بنتی ہے اور ہر قسم کی مٹھائی شکر سے بنتی ہے ... اس کے سخت گودے میں قدرت نے شیرۂ رس بھر دیا ہے۔ اور مضبوط دانت کا اس کو چبانا ضروری ہے۔

کیا آپ اسے کھا سکتے ہیں؟

اگر نہیں تو یقیناً آپ کے دانت کمزور ہیں اور آپ دانتوں کی صفائی کا خیال نہیں رکھتے اس لئے ضروری ہے کہ آپ ہر روز اپنے دانت اچھی طرح صاف کریں۔



مسواک ٹوتھ برش

برسوں سے آپ کی خدمت کر رہے ہیں

دفتر مسواک نمبر ۵۸ کچی ... کراچی

# اندرونِ ہند

(۳)

(بسلسلۂ گذشتہ)

## مسلمانوں کے قبرستان منہدم

روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۲۲ نومبر ۱۹۵۵ء رقم طراز ہے :-

"مولانا حفظ الرحمٰن صاحب جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء ہند نے مسلمانان اجین کی فوری توجہ دلانے پر وزیر اعلیٰ مدھیہ بھارت کے نام اس مضمون کا ایک تار ارسال کیا ہے کہ اجین میونسپلٹی مسلمانوں کے قبرستان کو منہدم کر رہی ہے۔ درخواست ہے کہ اس کارروائی کو فوراً روکا جائے۔" افسوس کی بات ہے کہ اجین میونسپلٹی مسلمانوں کے قبرستان کو ہتھیانے اور اسے مسمار کرنے کی کوشش کرے۔ مقامی ادارے نیم سرکاری حیثیت رکھتے ہیں۔ جن کا غیر متعصب اور غیر جانبدار ہونا ضروری ہے۔ اگر یہی ادارے اقلیتوں کی املاک پر ناجائز قبضہ کرنا شروع کر دیں۔ تو دوسرے فرقہ پرست جو کچھ بھی کریں کم ہے۔ کیا اجین میونسپلٹی کی اس مسلم آزار کارروائی سے فرقہ پرستوں کو شہ نہیں ملے گی ؟ اور کیا اس کی اس غاصبانہ مداخلت سے حکومت کی سیکولرازم پر حرف نہ آئے گا ؟ جمعیۃ علماء کے اجلاس مرادآباد میں بھی ایک قرارداد میں یہ شکایت کی گئی تھی کہ مقامی میونسپلٹیاں اور ڈسٹرکٹ بورڈ مسلمانوں کے قبرستانوں کو منہدم اور وقف شدہ زمینوں پر قبضہ کر رہی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے۔ حکومت مدھیہ بھارت کو اجین میونسپلٹی کے خلاف فوری اور موثر اقدام کرنا چاہیئے۔"

## پیغمبرِ اسلام کی شان میں ہرزہ سرائیاں

روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۲۳ نومبر ۱۹۵۵ء یو پی گورنمنٹ کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ

"ہم سوچتے ہیں کہ آخر کہاں تک لکھیں اور کن الفاظ میں حکومت سے احتجاج کریں ! کیا حکومت کی سی آئی ڈی ان مفسدوں کی رپورٹیں حکومت تک نہیں پہنچاتی جو انتہائی دریدہ دہنی اور ہرزہ سرائی کے ساتھ اسلام اور پیغمبر اسلام کی شان اقدس میں بہتان طرازیاں کرتے ہیں یا حکومت ہی ایسی ہے کہ مسلمانوں کے جذبات کا کوئی پاس نہیں کرتی ؟

۱۴ نومبر کو غازی پور میں آریہ سماج نے اپنا جلوس نکالا جس میں پیغمبر اسلام کی شان میں وہ وہ ہرزہ سرائیاں کیں کہ اگر دوسرا ملک ہوتا تو سینکڑوں کا خون ہو جاتا۔ ہمارے مراسلہ نگار نے لکھا ہے کہ اس موقعہ پر مسلمانوں نے بے انتہا صبر وضبط کا ثبوت دیا۔ اگر مجبوری کا نام شکر ہے تو ہم مقامی مسلمانوں کے صبر کو صبر کا نام نہیں دے سکتے۔ وہ موجودہ حالات میں سخت مجبور ہیں۔ اور رسول علیہ السلام کی شان اقدس میں گستاخیاں کرنے والوں کو برداشت کر رہے ہیں اگر انھیں اپنی مجبوری کا احساس نہ ہوتا تو وہ دریدہ دہنوں کو ہرگز معاف نہ کرتے۔ مگر ہمیں یوپی گورنمنٹ سے شکوہ ہے کہ وہ ایسے مفسدوں کو جلوس نکالنے کی اجازت کیوں دیتی ہے ؟ اور ایسے ہرزہ سراؤں سے بازپرس کیوں نہیں کرتی ؟ ہم ہر مصیبت کا تصور کر سکتے تھے۔ مگر اس کا خیال تک نہ تھا کہ آزاد ہندوستان میں آریہ سماج کو پیغمبر اسلام کے خلاف ہرزہ سرائی کی اس درجہ آزادی مل جائے گی کہ اس سے کوئی بازپرس تک نہ کر سکے گا ! اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ بتائیں کہ وہ عالم اسلام کی دل آزاری کرنے والوں کے خلاف کیا اقدام کرنا چاہتے ہیں ؟"

## بہار میں مسلمانوں پر مظالم

روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۸ نومبر ۱۹۵۵ء ایڈیٹوریل نوٹ میں لکھتا ہے کہ

"بہار اسمبلی میں وزیر اعلیٰ سے سوال کیا گیا کہ اس سال بقرعید کے موقعہ پر ضلع پورنیہ کی ایک عورت مسماۃ لطیفن کو پولیس نے اس قدر مارا کہ اس کی موت واقع ہو گئی۔ اور پھر بعد میں پولیس اور مجسٹریٹ نے اس کے رشتہ داروں سے زبردستی یہ بیان لکھا لیا کہ مسماۃ کی موت پرانے مرض کے باعث واقع ہوئی۔ حکومت نے اس سلسلہ میں کیا کارروائی کی ہے اس کے جواب میں وزیر اعلیٰ کی طرف سے وزیر خزانہ نے جواب دیا کہ اس واقعہ کی تحقیقات ہو رہی ہے۔ جانچ کے بعد متعلقہ حکام کو سزا دینے کے بارے میں غور کیا جائے گا ! واضح ہے کہ گزشتہ عید الاضحیٰ کے موقعہ پر مسلمانان بہار پر پولیس کی طرف سے جو مظالم ڈھائے گئے۔ اس کے بارے میں وزیر اعلیٰ بہار کو مسلمانان بہار کی طرف سے ایک میمورنڈم پیش کیا گیا تھا۔ یہ مطبوعہ میمورنڈم ہمیں موصول ہو گیا ہے۔ مگر اسے شائع کرنے کی جرأت ذرا مشکل ہی سے ہو سکتی ہے۔ وزیر اعلیٰ کو میمورنڈم کے ذریعہ مسلمانوں کی بپتا ضرور معلوم ہو گئی ہو گی ناممکن ہے کہ موصوف نے واقعات سنے ہوں اور ان کا کوئی اثر نہ لیا ہو۔ اور ساتھ ہی تحقیقات کی ضرورت محسوس نہ کی ہو۔"

## عیسائیوں اور مسلمانوں کی شدھی

معاصر الجمعیۃ دہلی مورخہ ۶ دسمبر ۱۹۵۵ء کی اطلاع ہے کہ

لکھنؤ شہر میں ۳ دسمبر کی صبح سے ہندو مہاسبھا کے زیر اہتمام شدھی مہم کا آغاز ہو گیا ہے۔ اس سلسلہ میں صبح ایک جلوس بھی نکلا۔ جس نے شہر کے مختلف حصوں میں گشت کیا۔ شام کو ۵ بجے امین الدولہ پارک میں ۳۴ عیسائیوں اور ۴ مسلمانوں کو شدھی کیا گیا۔ ایک عیسائی نوجوان خاتون مس دکٹوریہ کا نام بدل کر پریم کماری رکھا گیا۔ ہندو مہاسبھا کے صدر نے ایک کروڑ غیر ہندوؤں کو ہندو بنانے کا اعلان کیا ہے۔ امین آباد پارک میں جہاں کہ شدھی اندولن کا پنڈال بنایا گیا تھا۔ کچھ قابل اعتراض نوٹس بھی لگائے گئے تھے۔

## درندگی اور بربریت کی انتہا

روزنامہ پاسبان ڈھاکہ مورخہ ۳ نومبر ۱۹۵۵ء کی اطلاع ہے کہ۔

بہار کے ضلع پورنیہ سب ڈویژن اوریا تھانہ بونسی کے مقام انگار دھلا جگا کے ایک مسلمان سلطان خاں کے کھیت میں کچھ ہندو گوالے بھینسیں چرا رہے تھے۔ سلطان خاں نے جب اپنے کھیت میں لگی ہوئی فصل کا یہ حال دیکھا تو گوالوں کو کھیت میں بھینسیں چرانے سے منع کیا۔ اس پر گوالے چراغ پا ہو گئے۔ ساتھ ہی دوسرے فرقہ پرست ہندو بھی کثیر تعداد میں جمع ہو گئے۔ اور سبھوں نے مل کر سلطان خاں کو اس قدر مارا کہ وہ ادھ موا ہو کر بے ہوش ہو گیا۔ اس کے بعد فرقہ پرستوں



نے سلطان خاں کی دوکان کو نذر آتش کر دیا۔ پھر اس کے مکان پر دھاوا بول دیا۔ اس کی بیوی کو مارا اور درندگی کی انتہا اس وقت ہو گئی۔ جب سلطان خاں کے ایک شیرخوار بچے کو جس کی عمر محض سات دنوں کی تھی۔ ظالموں نے پیروں تلے روند کر ہلاک کر ڈالا۔ لاش پوسٹ مارٹم کے لئے بانکا پہنچا دی گئی ہے۔ اس گاؤں میں جو دس بارہ گھر مسلمان ہیں۔ وہ اس واقعہ سے سخت خائف ہیں۔ پولیس بھی انھیں اس سلسلے میں تحقیقات کے بہانے تلاش کر رہی ہے۔

## عیسائیوں کی شدھی

معاصر روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۳۰ نومبر ۱۹۵۵ء کی اطلاع ہے کہ

دارداہ تعلقہ کے تاربولی گاؤں کے سترہ عیسائیوں کو اس گاؤں کے پٹیل پانڈو دانگ کی صدارت میں ہندو بنا لیا گیا۔ ان عیسائیوں کو ہندو بنانے میں آر۔ ایس۔ ایس کے خاص کارکن دتھل راؤ دیش مکھ نے نمایاں حصہ لیا۔"

## دس ہزار عیسائیوں کی شدھی

ریاستی ہندو مہا سبھا کے جنرل سکریٹری نے شدھی مہایگیہ کے منتظم کی حیثیت سے اخباری نمائندوں کو بتایا کہ اب تک دس ہزار عیسائیوں کو ہندو بنایا جا چکا ہے اور تین دسمبر کو لکھنؤ میں جو شدھی مہایگیہ ہونیوالا ہے۔ اس میں سینکڑوں افراد کو شدھ کیا جائے گا۔

اس قسم کا اعلان ایک مہاسبھائی ہی کر سکتا ہے کسی مسلمان یا عیسائی کی کیا مجال کہ وہ کسی خاص تقریب میں سینکڑوں افراد کو اپنے مذہب میں شامل کرنے کا اعلان کرے اور دارو گیر سے بچ جائے! یہ بیک وقت سینکڑوں افراد کی شدھی اور اس کا اعلان مسلمانوں اور عیسائیوں کے لئے ایک کھلا چیلنج ہے یہ اعلان ہم نے بھی سنا اور حکومت بھی سن رہی ہے۔ اور ریاستی حکومت اس کا مطلب بھی سمجھتی ہے۔ مگر اس کی طرف سے صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے! اگر اسی قسم کا اعلان مسلمانوں کی طرف سے بھی ہو جائے تو اس کے نتائج کا تصور کرنے کی ہمت بھی ذرا مشکل ہی سے ہو سکیگی۔

## مسجدیں نیلام

روزنامہ پاسبان ڈھاکہ مورخہ ۳۰ نومبر کی اطلاع ہے کہ

معلوم ہوا ہے کہ دوسرے علاقوں میں نظام کی صرف خاص کی جائیدادیں فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے اس میں متعدد مساجد بھی شامل ہیں۔ عام طور سے جو لوگ خریداروں میں نظر آتے ہیں۔ ان میں زیادہ تر ہندو ہی شامل ہیں۔ مسلمانان اگرچہ کھلم کھلا اس کی مخالفت تو نہیں کرتے ہیں۔ لیکن مسلم اوقاف بورڈ نے اس فیصلہ پر شدید نکتہ چینی کی گئی ہے۔ اور مطالبہ کیا گیا ہے کہ جائداد کی فروخت کے دوران مساجد اور متبرک مقامات کو علیحدہ رکھا جائے کیونکہ ان مقامات کے غیر مسلموں کے ہاتھ میں جانے سے مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو سخت ٹھیس پہنچے گی۔

## دن دہاڑے قتل

معاصر مدینہ بجنور مورخہ ۱۰ نومبر کی خبر ہے کہ

موضع سیدھا سلطان پور ضلع اعظم گڑھ میں ایک مسلمان محمد سعید خاں کو دن دہاڑے نہایت بے دردی سے قتل کر دیا گیا۔ محمد سعید خاں اپنے کھیت میں بیج ڈالنے کے لئے گئے تھے۔ انھیں پہلے بیج ڈالنے سے روکا۔ نہ ملنے پر حملہ اور بھالا اور بلمے کر ٹوٹ پڑے۔ اور چند منٹ میں ان کا کام تمام کر دیا۔ اس واقعہ سے پہلے موضع بنیر کے کچھ لوگوں نے کئی بار مسلمانوں کو دھمکیاں دی تھیں کہ تم اپنے کھیتوں سے دستبردار ہو جاؤ۔ اور پاکستان چلے جاؤ۔ کچھ مسلمانوں کے کھیتوں پر غاصبانہ قبضہ بھی کر لیا گیا ہے۔ محمد سعید خاں کے قتل سے آس پاس کے مواضعات کے مسلمانوں پر خوف وہراس کا عالم طاری ہو گیا ہے۔ حکام ضلع کو توجہ کرنی چاہیئے۔

## اقلیتوں پر تشدد کے خلاف مسیحی لیڈروں کا احتجاج

معاصر نوائے پاکستان لاہور مورخہ ۸ دسمبر ۱۹۵۵ء رقمطراز ہے کہ

بھارت کے مسیحی لیڈروں نے ملک میں اقلیتوں پر تشدد اور ان کے خلاف جارحانہ رویہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اس سلسلہ میں مسیحی رہناؤں کی ایک دو روزہ کانفرنس کی مجلس قائمہ نے قرارداد بھی منظور کی ہے۔ اس قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ہم حیران و ششدر رہیں کہ فرقہ پرست عناصر ہر قسم کی سزا کے خوف سے بے نیاز ہو کر اقلیتوں کے خلاف سرگرم عمل ہیں۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ حکومت سے ان کے خلاف جو بھی اپیل کی جاتی ہے۔ وہ بے سود ثابت ہوتی ہے۔ اس سے یہ عناصر اور بھی دلیر ہو گئے ہیں۔ اور بسا اوقات سرکاری افسروں کی مدد بھی حاصل کر لیتے ہیں۔ قرارداد میں ایک کیتھولک اجتماع پر حملہ اور مسیحی رہناؤں کی بے عزتی کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ مسیحی رہناؤں نے حکومت سے اپیل کی ہے کہ وہ تشدد کے ان مظاہروں کو روکنے کے لئے ضروری اقدام کرے۔ مسیحی رہناؤں نے حکومت کی توجہ اس امر کی طرف مبذول کرائی ہے کہ وہ صرف وہی حقوق چاہتے ہیں۔ جو اقوام متحدہ کے منشور اور بھارت کے آئین کے مطابق ہیں۔

## خانہ برباد میوؤں کا محضرنامہ

معاصر روزنامہ الجمعیۃ دہلی مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۵۵ء اپنے ایڈیٹوریل نوٹ میں لکھتا ہے کہ

الور اور بھرت پور کے میوؤں نے نائب وزیر بحالیات کو ایک محضرنامہ پیش کیا ہے۔ جس میں شکایت کی گئی ہے کہ میوؤں کی تکالیف دور نہیں کی گئیں بلکہ انھیں نئی نئی تکالیف میں مبتلا کیا جا رہا ہے۔ سرکاری سرکلر کے مطابق ضلع گوڑگانوں کے مسلمانوں کو بے خانماں قرار دیا گیا تھا۔ مگر وزیر بحالیات راجستھان غریب میوؤں کی بحالی کا کوئی انتظام نہیں کرتے۔ حتیٰ کہ معمولی دلچسپی بھی نہیں لیتے۔ حیرت ہے کہ جن مسلمانوں کو زمینیں دی





اسکول جانے والے بچے ہمیشہ دماغ پر بوجھ رہنے سے اور ہر لحظہ نئی باتوں کے سامنے آنے اور یاد رکھنے کی پابندی کی وجہ سے ضعف دماغ و اعصاب میں جلد مبتلا ہو جاتے ہیں۔

**شاہی** بہترین مقوی دماغ و اعصاب ہے
شاہی کے استعمال سے معدہ اور جگر کی اصلاح ہو کر کافی طور پر شفاف خون پیدا ہوتا ہے۔

**شاہی** کسل و ماندگی دفع کر کے از سر نو تازگی بخشتی ہے۔

**شاہی** کا ہر استعمال کرنے والا اس کے بہترین فوائد کا مداح ہے۔

تیار کردہ:- **طبیبی دواخانہ یونانی** نیپیئر روڈ کراچی ۲

**اسلامی نظام** — اسلامی مملکت کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ اور اسلامی نظام کیسے قائم ہو سکتا ہے؟ اس کے جواب میں پرویز اور علامہ اسلم جیراجپوری کے مقالات جنہوں نے فکر و نظر کی نئی راہیں کھول دی ہیں۔ ۱۸۰ صفحات۔ قیمت دو روپے

**سلیم کے نام** — از پرویز۔ ذہین نوجوانوں کے دل میں اسلام سے متعلق جو شکوک پیدا ہوتے ہیں ان کا شگفتہ مدلل اور اچھوتا جواب بڑے سائز کے ۴۰۰ صفحات —— قیمت چھ روپے

**قرآنی فیصلے** — روزمرہ کی زندگی کے سامنے اہم مسائل و معاملات پر قرآن کی روشنی میں بحث ۴۰۰ صفحات —— قیمت چار روپے

ناظم ادارہ طلوع اسلام پوسٹ بکس نمبر ۷۳۱۳ کراچی ۳

گئیں ان سے پھر واپس لے کر ...... ہریجنوں کو دی جارہی ہیں۔ اور بحالیات کے افسروں کے نام خفیہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ کسی میو کو زمین یا مکان واپس نہ کیا جائے اس سے بھی بڑھ کر یہ سابق مسجدوں کی جگہ منڈیاں اور مکانات بن رہے ہیں۔ اور مسجدوں کی توڑ پھوڑ کا سلسلہ بھی بدستور جاری ہے۔ سینکڑوں درخواستیں وزیر بحالیات راجستھان کو دی گئیں۔ مگر کوئی نتیجہ نہیں

الور اور بھرت پور میں بیس ہزار میو اور دس ہزار غیر میو مسلمان آباد ہیں۔ جن کو ان کی زمینیں واپس نہیں کی گئیں سو بیگہ اراضی کے مالک کو اگر پانچ بیگہ زمین دے دی بھی گئی تو وہ صفر کے برابر ہے۔ زمین اور مکانات کا واپس نہ ملنا اور جو مل چکی ہیں انھیں پھر چھین لینا اپنی جگہ جو کچھ ہے وہ ہے ہی مگر مسجدوں اور قبروں کی مسماری یا مسجدوں پر منڈیوں اور مکانوں کی تعمیر ہمارے لئے ہی نہیں بلکہ پورے ملک کے لئے بڑا المیہ ہے۔ ان حالات میں اگر مظلوم مسلمانوں کو یقین دلایا جائے کہ ملک کا نظام سیکولر غیر مذہبی اور غیر فرقہ وارانہ ہے تو وہ اس کا الٹا اثر لیں گے۔ مگر دو حرفی بات یہ ہے کہ اگر ملک کی اقلیتوں کو مطمئن نہ کیا گیا۔ اور انھیں پریشان کرنے کی نت نئی راہیں پیدا کی گئیں۔ تو ہندوستان کی قومی زنجیر میں کبھی پائیداری پیدا نہ ہو گی۔

ہم وزیر بحالیات حکومت ہند سے درخواست کریں گے کہ وہ میوؤں کے اس محضر نامہ پر توجہ دیں۔ اور ان کی شکایات کے ازالہ کی کوئی صورت پیدا کریں۔

طلوع اسلام کثیر تعداد میں شائع ہو کر پاکستان ہندوستان کے علاوہ غیر ممالک میں ہر طبقہ کے لوگوں کے پاس جاتا ہے۔ اس میں چھپنے والے اشتہارات ہزاروں خریداروں کی نظروں سے گزرتے ہیں۔
نرخنامہ اشتہارات و تفصیلات ناظم ادارہ و شعبہ اشتہارات سے حاصل کیجئے
ناظم ادارہ طلوع اسلام
پوسٹ بکس نمبر ۳۱۳ ـــــ کراچی

# بابُ المراسلات

## ایک اہم اخلاقی نکتہ

ہمیں اکثر اس مضمون کے خطوط موصول ہوتے رہتے ہیں (جن میں بیشتر گمنام ہوتے ہیں) کہ آپ فلاں صاحب کو جھوٹا اور بددیانت کہتے ہیں۔ لیکن اس سے ان لوگوں کی دل شکنی ہوتی ہے جو اسے اچھا سمجھتے ہیں۔ اس لئے "اخلاق کا تقاضا" یہ ہے کہ آپ ایسی باتیں نہ لکھا کریں۔

اس سے ایک اہم اخلاقی سوال پیدا ہوتا ہے۔ ہم ایک شخص کو اپنے ذاتی تجربہ اور دلائل و شواہد کی بنا پر جھوٹا اور بددیانت پاتے ہیں۔ ہم اعلیٰ وجہ البصیرت یقین رکھتے ہیں کہ وہ ایسا ہی ہے۔ ہم اسے دل میں ایسا سمجھتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ جب ہم ایسے شخص کا ذکر کریں تو کیا اسے جھوٹا اور بددیانت کہیں یا سچا اور نہایت ایماندار؟ ہمارے نزدیک یہ انتہائی بددیانتی اور منافقت ہے کہ جس شخص کو ہم جھوٹا اور بے ایمان (بددیانت) سمجھتے ہیں۔ اسے محض اس لئے سچا اور ایماندار کہیں کہ اسے جھوٹا کہنے سے اس کے مداحین برا مانیں گے ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ آج جھوٹ اور بددیانتی کو جو اس قدر فروغ ہو رہا ہے تو اس لئے کہ لوگ جھوٹے کو جھوٹا کہنے کی جرأت نہیں کرتے۔ بلکہ ایسا کہنے کو خلاف تہذیب قرار دیتے ہیں۔ اکبر الہ آبادی نے اسی نکتہ کی وضاحت کے لئے کہا تھا کہ

منّوی کو برا مت کہو ترغیب ہے یہ
میں کس سے کہوں نفس کی تخریب ہے یہ
شیطان کو رجیم کہہ دیا تھا اک دن
اک شور اٹھا : خلاف تہذیب ہے یہ

یاد رکھئے! یہ کھلی ہوئی مداہنت ہے۔ اور جس تہذیب یا "ضابطہ اخلاق" میں اسے مستحسن قرار دیا جاتا ہے وہ ابلیسی تہذیب اور شیطان کا وضع کردہ ضابطۂ اخلاق ہے۔ تہذیب حاضر میں اسے مستحسن اس لئے قرار دیا جاتا ہے کہ اب جھوٹ عام ہو رہا ہے۔ اور کوئی جھوٹا یہ نہیں چاہتا کہ لوگ اسے جھوٹا کہیں طلوع اسلام جھوٹے کو جھوٹا۔ اور بددیانت کو بددیانت کہنے کی جرأت رکھتا ہے۔ اور اسی کو صحیح تہذیب اور اخلاق کا تقاضا سمجھتا ہے۔ اگر کسی کو یہ بات ناگوار گذرتی ہے تو اسے اپنے نفس کی اصلاح کرنی چاہیئے۔ طلوع اسلام ان کی خوشنودیٔ مزاج کی خاطر منافقت اور مداہنت اختیار نہیں کر سکتا۔

قرآن کریم نے سورہ المنافقون میں اس حقیقت کو واضح الفاظ میں بیان کر دیا ہے۔ جب اس نے کہا کہ اے رسول! یہ منافق تجھے اپنے دل میں جھوٹا سمجھتے ہیں۔ لیکن زبان سے کہتے ہیں کہ تو سچا رسول ہے۔ یہ اپنے قول میں جھوٹے ہیں اور منافق ہیں۔ یعنی یہ منافقت ہے کہ جسے آپ دل میں جھوٹا سمجھیں اسے زبان سے سچا کہیں۔ طلوع اسلام کے نزدیک یہی ضابطۂ اخلاق واجب التسلیم ہے جسے قرآن نے پیش کیا ہے اس ضابطہ کی رو سے جسے آپ دل میں جھوٹا سمجھتے ہیں اسے زبان سے جھوٹا کہنا کوئی بری بات نہیں۔ البتہ اگر آپ کسی کو دل سے جھوٹا نہیں سمجھتے لیکن اسے محض بدنام کرنے کی غرض سے جھوٹا کہتے ہیں تو یہ انتہائی معیوب چیز ہے۔ خدا کا احسان ہے کہ طلوع اسلام اس کا کبھی مرتکب نہیں ہوا۔ کہا جا سکتا ہے کہ جسے آپ جھوٹا کہتے ہیں ہو سکتا ہے کہ وہ فی الواقعہ جھوٹا نہ ہو۔ سو واضح رہے کہ طلوع اسلام جسے جھوٹا کہتا ہے اس کے پاس اسے جھوٹا سمجھنے کے دلائل ہوتے ہیں اور وہ ان دلائل کو ہر وقت پیش کرنے کیلئے تیار ہوتا ہے۔ طلوع اسلام جو کچھ کہتا ہے پوری ذمہ داری سے دلائل و شواہد کی بنا پر کہتا ہے یہ کبھی نہیں کرتا کہ کسی کے خلاف اتہام تراشے اور جب اس کا ثبوت مانگا جائے تو اول تو اس کا جواب ہی نہ دے اور جواب دے تو صرف اتنا کہ اس کا فیصلہ قیامت کے دن ہو گا۔

ہنسا چھالیا
ڈو ٹکڑے ـــــ صاف خشک ـــــ پرانے
(پیکٹوں میں خریدیئے)
تیار کردہ: محمد اصغر محمد یونس ـــــ چھالیا والے ـــــ جونا مارکیٹ ـــــ کراچی نمبر ۲

# عالمِ اسلامی

عالم اسلامی پر اس وقت روس کا سایہ پڑ رہا ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے وہ بیشتر اسی کا شاخسانہ ہے۔ برطانیہ نے یہودیوں اور عربوں میں مفاہمت کی جو طرح ڈالی تھی اس پر اندر اندر مذاکرات ہو رہے ہیں۔ عربوں کا مطالبہ یہ ہے کہ فلسطین کا جو حصہ اقوام متحدہ نے یہودیوں کے لئے متعین کیا تھا، یہودی اپنی حدود تک واپس ہو جائیں اور عرب مہاجرین کو واپس لے لیں اور اگر وہ واپس نہ جانا چاہیں تو انہیں معاوضہ ادا کریں۔ معاوضہ کا معاملہ چنداں مشکل نظر نہیں آتا تھا کیونکہ امریکہ اس کے لئے مطلوبہ رقم بطور امداد دینے کے لئے تیار تھا۔ لیکن یہودی نمائندوں نے امریکہ کے نمائندوں سے جو مذاکرات کئے ہیں ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ مساعیٔ مفاہمت کو حدود مسئلہ پر ہی ختم کر دیں گے۔ انہوں نے واضح طور پر کہہ دیا ہے کہ اقوام متحدہ کی مقرر کردہ حدود تک سمٹنے کے لئے تیار نہیں۔ اگر وہ اس ضد پر قائم رہے تو عرب ان سے بات کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں گے اور برطانیہ کی ساعیٔ مفاہمت بے نتیجہ ثابت ہوں گی۔ یہ مساعی جاری تھیں کہ روس نے ہل چل مچا دی۔ اس کا دروازہ مصر نے کھولا۔ روس کو جب ممالک اسلامیہ میں آنے کا راستہ مل گیا تو اس کے حربے عجیب و غریب ہو گئے۔ اس نے دیکھا کہ پاکستان اس کے راستے میں حائل ہے کیونکہ پاکستان مسلمان ممالک کو متحد بھی کر رہا ہے اور روس سے ملنے میں مانع بھی آ رہا ہے۔ چنانچہ اس نے افغانستان پر ڈورے ڈالنے شروع کر دیئے۔ افغانستان میں پہلے ہی ہندوستان نے کافی فضا تیار کر رکھی تھی وہ اندھا دھند پاکستان کی مخالفت پر کمربستہ ہو گیا۔ شاید ہی کوئی دن ایسا گذرتا ہو جب افغانی کارندوں کی گرفتاری کی خبر نہ ملتی ہو۔ یہ کارندے جگہ بہ جگہ تخریبی کاموں میں مصروف ہیں۔ اب مارشل بلگانن اور مسٹر کروشیف ہندوستان کے دورے سے فارغ ہو کر افغانستان جائیں گے۔ انہوں نے ہندوستان میں جس قسم کی اوچھی حرکات کیں اور جو فتنہ انگیز باتیں کیں اس کے پیش نظر وہ افغانستان میں جو کچھ کریں گے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ افغانستان ان کی ریشہ دوانیوں کے لئے اور ممالک کے مقابلے میں زیادہ تیار شکار ہے کیونکہ وہاں نااہل مگر جابر قسم کی ملوکیت برسر اقتدار ہے۔ عوام پسماندہ اور تباہ حال ہیں۔ وہ عام سیاسی معنوں میں کسی قسم کی انقلابی تحریک تو نہیں چلا سکتے البتہ وہاں کافی بے چینی پائی جاتی ہے جس کی بہت حد تک وجہ معاشی ہے۔ بعض خبروں سے پتہ چلتا ہے کہ وہاں ملوکیت کے خلاف بعض عناصر مصروف جدوجہد ہیں۔ ان کی گرفتاریاں بھی عمل میں لائی جا رہی ہیں۔ اپنی فوج کے کمانڈر انچیف جنرل محمد عارف کو بھی معزول کر دیا گیا، کیونکہ وہ شاہ محمد داؤد، وزیر اعظم، کی حکمت عملی سے اتفاق نہیں کرتے تھے۔ اس بڑھتی ہوئی بے چینی میں حکمران طائفہ کو ہندوستان اور روس سے عمدہ سہارے میسر آ سکتے ہیں۔ وہ پوری طرح ان کا فائدہ اٹھائیں گے اور زیادہ سے زیادہ ان کی طرف جھکیں گے۔ کیونکہ ان کے بچاؤ کی بظاہر صورت یہی ہے۔ گو یہ سہارے آخر کار عارضی ثابت ہوں گے تاہم اس کے علاوہ اور کوئی سہارا نظر نہیں آتا۔ گویا یہ توقع کی جا سکتی ہے کہ بلگانن اور کروشیف کے دورے کے بعد افغانستان بہت حد تک روس کا حلقہ بگوش ہو جائے گا۔ اس طرح اشتراکیت دنیائے اسلام کی شہ رگ سے اور زیادہ قریب ہو جائے گی۔

اس سلسلہ کی دوسری کڑی سعودی عربیہ مہیا کر رہا ہے۔ شاہ سعود چند دنوں سے ہندوستان کا دورہ کر رہے ہیں دورے کے خاتمہ پر آپ نے ہندوستان کے "پنچ شیلا" کو تسلیم کر لیا ہے۔ سعودی عرب کا ان اصول خمسہ کو تسلیم کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وہ غیر جانبداری میں پختہ تر ہو جائے گا اور روس کی طرف ایک اور قدم اٹھا لے گا۔ مصر کے بعد شاہ موصوف نے بھی ہندوستان کی وساطت سے روس کی طرف دیکھنا شروع کر دیا تو عالم اسلامی کے لئے ایک سنگین مسئلہ پیدا ہو جائے گا۔ چونکہ مصر اور سعودی عرب اپنی سیاست کے عواقب سے بے خبر معلوم ہوتے ہیں اس لئے یہ مسئلہ پیدا ہو کے رہے گا۔ اس کا حل کیا ہے؟ یہ ذمہ داری معاہدین بغداد کی ہوتی جا رہی ہے

مراکش میں بالآخر کابینہ مرتب ہو گئی ہے۔ یہ کام بکائی ہی نے سر انجام دیا ہے اور وہی وزیر اعظم ہیں۔ انہوں نے پارٹیوں کے درمیان وزارتوں کی تقسیم یوں کی ہے کہ سب سے بڑی پارٹی، استقلال، کے ۹ وزراء ہیں، آزاد جمہوری پارٹی کے چھ۔ چھ آزاد امیدوار ہیں۔ اس طرح اکیس ارکان کی کابینہ مرتب ہوئی ہے۔ یہ کابینہ اب فرانس سے مراکش کے مستقبل سے متعلق مذاکرات شروع کرے گی۔ مراکش کا مسئلہ اقوام متحدہ میں بھی پیش ہونا تھا لیکن اسے خارج کرا دیا گیا ہے کیونکہ فرانس نے بطور احتجاج جنرل اسمبلی کا مقاطعہ کر دیا تھا۔ اسے راضی کرنے


تفسیر بیان القرآن

قرآن پاک کا متن مع اردو ترجمہ بین السطور از حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی

حاشیہ پر

تفسیر بیان القرآن و مسائل السلوک

عکسی بلاکوں کے ساتھ بارہ جلدوں میں چھپ رہی ہے۔ چند جلدیں تیار ہو گئی ہیں۔ نمونہ کے صفحے مفت طلب فرمائیے

تاج کمپنی لمیٹڈ۔ پوسٹ بکس ۵۳۰ کراچی



کپڑے کی خوش نما اور پختہ چھپائی کے لئے

ہماری خدمات حاصل کیجئے

اشرف ٹکسٹائل پرنٹنگ فیکٹری

۱۲/۱۴ لیاقت روڈ ——— خداداد کالونی

کراچی

فون نمبر ۴۰۹۲۷



کپڑے، رنگ، ادویات اور تیل ہر قسم

واجبی نرخ پر ہم سے خریدیئے

نبی بخش اشرف چھیپا

(سجن گڑھ والا)

ایکسپورٹر و امپورٹر ۲۴۰ رامپارٹ روڈ

بمبئی بازار۔ نزد اچھی قبر۔ پوسٹ بکس

نمبر ۱۵۳۔ کراچی ۲

فون نمبر ۳۴۷۴۷



کپڑے کی ہول سیل خریداری کے لئے ہماری

دکان پر تشریف لائیے

حاجی اشرف عبداللہ چھیپا

۳۔ نیو کلاتھ مارکیٹ

کراچی

فون نمبر ۳۱۸۵۸

# بین الاقوامی جائزہ

جنیوا کی روح کا تار و پود بکھر چکا ہے۔ اور جو امیدیں امن کی قائم ہوئی تھیں۔ وہ ختم ہوتی جا رہی ہیں۔ وزرائے خارجہ کی جو کانفرنس جنیوا میں شروع ہوئی تھی۔ وہ بے نتیجہ ختم ہو گئی تو مذاکرات مفاہمت کا مرکز جنرل اسمبلی بن گیا۔ لیکن وہاں بھی بات آگے نہیں بڑھ سکی۔ بلکہ ہر مسئلہ سے متعلق تعطل پیدا ہوتا جا رہا ہے۔ تحدید اسلحہ کا جو مسئلہ برسوں سے چل رہا ہے۔ اور جس کے متعلق یہ خیال پڑھا تھا کہ جوٹی کی کانفرنس کے بعد اس پر مفاہمت کی شکل پیدا ہو جائے گی وہ پھر اقوام متحدہ میں پیش ہوا۔ صدر آئزن ہاور نے جنگی مراکز کے ہوائی معائنہ کی جو تجویز پیش کی تھی۔ اس پر بحث و تمحیص ہوئی۔ لیکن روس نے اس پر کہیں اتفاق نہیں کیا اس سے متعلق تو تصفیہ نہیں ہو سکا۔ البتہ جنرل اسمبلی نے فیصلہ کیا ہے کہ ایٹمی توانائی کے پر امن استعمال کے لئے ایک بین الاقوامی ادارہ قائم کیا جائے۔ تعجب ہے کہ اتنا اتفاق بھی ہو گیا۔ لیکن یہ اتفاق محض کاغذی ہے ایک تو اس لئے کہ اس سے تحدید اسلحہ کا مسئلہ جوں کا توں رہتا ہے دوسرے اس لئے کہ اس کی جزئیات پر بھی بات ختم ہو جانے کا احتمال ہے۔ آئندہ مہینے میں ممالک متعلقہ مجوزہ ادارے کا دستور مرتب کریں گے۔ قیاس غالب یہی ہے کہ اس پر تعطل پیدا ہو جائے گا۔ اور یہ اتفاق بے کار ثابت ہوگا۔

ایک حد تک اقوام متحدہ کے نئے ارکان کے سلسلہ میں مفاہمت کا امکان پیدا ہوا تھا۔ لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ معاملہ بھی طے ہو جائے گا۔ گو اس کے امکانات متقابلۃً روشن نظر آتے ہیں اس وقت اٹھارہ ممالک ایسے ہیں جن کی رکنیت کے لئے درخواستیں ایک عرصہ سے معرض التوا میں پڑی ہیں۔ ان میں بارہ ایسے ممالک ہیں۔ جنہیں اقوام مغرب کی تائید حاصل ہے۔ ایک اسپین ہے اور پانچ اشتراکی ہیں اب تک اقوام مغرب نے اشتراکیوں کی رکنیت کو روکے رکھا۔ اور روس نے اقوام مغرب کے حامیوں کو۔ اس کے تصفیہ کی یہ شکل نکالی گئی ہے کہ اٹھارہ ممالک کو یکمشت رکن بنا لیا جائے۔ ان میں سے سترہ پر تو سب کا اتفاق از رو مصلحت ہو گیا ہے۔ لیکن اٹھارہویں یعنی بیرونی منگولیا سے متعلق اختلافات پائے جاتے ہیں۔ اسے چین کا حصہ سمجھا جاتا ہے کہ اس کی حیثیت آزاد ملک کی نہیں۔ روس مصر ہے کہ اسے ضرور رکن بنایا جائے۔ اگر اسے دبایا گیا تو روس سب کی درخواستیں مسترد کر دے گا۔ بیرونی منگولیا پر اقوام مغرب کو تو اعتراض تھا۔ لیکن باقی سترہ کی خاطر وہ اپنے آپ کو مجبور پاتے ہیں کہ اسے بھی چلنے دیں۔ لیکن عجیب صورت یہ ہے کہ نیشنلسٹ چین جو اقوام متحدہ کا مستقل رکن ہے۔ وہ بیرونی منگولیا کو منظور کرنے کے لئے تیار نہیں۔ وہ مصر ہے کہ وہ اس کی درخواست کو مسترد کر دے گا امریکہ اس کوشش میں ہے کہ وہ ضد نہ کرے اور مخالفت ترک کر دے۔ وہ پوری طرح آمادہ نہیں گو ہو سکتا ہے کہ آخر کار مخالفت سے دستبردار ہو جائے۔ بہر حال یہ معاملہ اقوام متحدہ میں ہوا تو ہر چند سلامتی کونسل نے اسے منظور کر لیا۔ جنرل اسمبلی میں اس پر بحث ملتوی ہو گئی ہے۔ جب تک اس پر اتفاق ہو نہیں جاتا۔ اس وقت تک وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا اگر یہ نئے رکن منظور ہو گئے۔ تو اقوام متحدہ کے ارکان کی تعداد موجودہ ساٹھ سے بڑھ کر اٹھتر تک پہونچ جائے گی اس طرح چونکہ پانچ اشتراکی ممالک اور آ جائیں گے اس لئے اختلافات اور بڑھ جائیں گے۔ کیونکہ اشتراکیوں کا پلڑا مقابلۃً بھاری ہو جائے گا۔

روسی قائدین نے ہندوستانی اسٹیج کو جس بے تکلفی سے استعمال کیا ہے۔ اس کے پیش نظر امریکہ اور ہندوستان کے تعلقات کشیدہ سے ہو گئے ہیں چنانچہ گوا کے معاملہ میں امریکہ نے پرتگال کے موقف کی حمایت کر دی ہے، برطانیہ پر بھی اس کا کافی اثر ہوا ہے۔ بلگانن اور کروشیف کو پہلے دورے کے مطابق اپریل، مئی میں انگلستان جانا ہے۔ لیکن انگلستان میں یہ کہا جانے لگا ہے کہ روسی مخالفت کا یہی عالم رہا تو اس دورے کو منسوخ کر دینا ہوگا۔ کیونکہ اس ذہنیت کے ہوتے ہوئے دورے سے مفید نتائج برآمد نہ ہو سکیں گے۔ گویا شرق و مغرب کی سرد جنگ پھر سے شروع ہو گئی ہے۔ آئندہ بین الاقوامی سیاست کا نقطہ ماسکہ یہی ہوگا۔

## جاہلی عصبیت

(صفحہ ۶ سے آگے)

کو اجنبی اور غیر ملکی زبان کہا جاتا ہے۔ یہ کچھ کہنے والے کی ذہنیت جو ہے سو ہے غضب ہے سننے والا مجمع وہ ہے جس کو اردو کے قومی زبان ہونے پر کوئی اعتراض نہیں۔ (وہ اردو کے ساتھ بنگلہ کو بھی قومی زبان بنانا چاہتا ہے) اس جلسہ میں آپ نے اسی پر اکتفا نہیں کیا۔ بلکہ وحدت مغرب کی بھی مخالفت کی۔ ہمیں وحدت مغرب کی مخالفت پر اعتراض نہیں۔ مگر اس مخالفت کی حد ہوتی ہے۔ ہمارے نزدیک اب مخالفت کا وقت گزر چکا ہے۔ کیونکہ وحدت کا منصوبہ متشکل ہو چکا ہے۔ اب نتائج بتائیں گے کہ یہ اقدام مفید ہے یا مضر بہر حال اگر کوئی صاحب ایمانداری سے اس میں قباحت دیکھتے ہیں تو انہیں حق حاصل ہے کہ وہ اپنے دلائل و براہین قوم کے سامنے پیش کریں۔ لیکن خان عبد الغفار خان کو دلائل و براہین سے کوئی سروکار نہیں۔ انھیں تو خلاف پاکستان ذہنیت کا مظاہرہ کرنا ہے۔ اور اس زہر کو پھیلانا ہے۔ چنانچہ آپ نے اس کے خلاف باتیں کیں کہ وحدانی طرز حکومت اس لئے قبول نہیں کیا جا رہا کہ بنگالی اکثریت کو گوارا نہیں کیا جاتا۔ ”اگر پنجابی بنگالیوں کا غلبہ گوارا نہیں کرتے تو ہم پنجابیوں کا غلبہ گوارا نہیں کرتے“۔ دیکھئے کس طرح ایک ہی سانس میں ایک طرف مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان میں اور دوسری طرف خود مغربی پاکستان کے علاقوں میں منافرت پھیلانے کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ ایسے وقت کیا جا رہا ہے جب دنیا کی دو بڑی طاقتوں میں سے ایک یعنی روس کھلم کھلا پاکستان کا مخالف ہو گیا ہے۔ اور اس کے گرد گھیرا ڈالنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ یہ موقع موہوم اختلافات کو ابھارنے کا نہیں بلکہ حقیقی اختلافات بھی ہوں تو ان کو بالائے طاق رکھ کر ملک کی سالمیت کے لئے متحد ہو جانے کا ہے۔ اس موقع پر جو شخص بھی خواہ وہ کوئی ہو منافرت پھیلاتا ہے۔ وہ وطن دشمن ہے۔ اور کسی رعایت کا مستحق نہیں۔ ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ ان زبانوں کو لگام دے۔


**اسبابِ زوالِ امت**

از:- پرویز

مسلمانوں کی ہزار سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ بتایا گیا ہے کہ ہمارا مرض کیا ہے۔ اور علاج کیا؟

ضخامت
۱۵۰ صفحات

قیمت ایک روپیہ آٹھ آنے



**ستوئیں نتانوے**

(اشخاص ریاح باسوری تبخیر معدہ (معدہ میں گیس پیدا ہونا) کے مریض ہیں۔ پاخانہ صاف نہ ہونا۔ تمام جسم میں درد، سر کا چکر، بھوک غائب ہاضمہ خراب، طبیعت میں بے چینی، سینے میں جلن خون میں کمی، نزلہ رہنا اس مرض کی عام شکایات ہیں اس مرض کا حب باسوری اور جوہر ہاضم (مکمل کورس) سے زیادہ زود اثر کوئی دوسرا علاج نہیں۔ یہ تمام شکایات کو دور کر کے تندرستی و توانائی بخشتا ہے۔ قیمت مکمل کورس تین روپے آٹھ آنے طبی دہلی ماہنامہ دردمند کراچی سالانہ چندہ ایک روپیہ بھیجکر خریدار بنئے۔

دردمند دواخانہ۔ فریئر روڈ۔ کراچی فون نمبر ۳۵۴۲۱

*Continued from Title page 2.*

(iii) *Conquered Land.* The Prophet distributed conquered lands among soldiers. Hazrat Omar disagreed with it and after prolonged consideration decided that since the coming generations also had the right to benefit by the conquered lands, they should not be distributed among soldiers but should remain in the charge of the State.

(iv) *Maintenance Allowance.* The Prophet gave the allowance at a uniform rate. Hazrat Abu Bakr continued the practice. But Hazrat Omar decided that the amount of the allowance shall vary with the services rendered by the recipient.

(v) *Taaleefi Qoloob.* The Prophet gave financial assistance out of state funds. Hazrat Omar stopped it and went so far as to withdraw the lands which had been given out earlier to certian tribal chiefs.

(vi) *Wine.* The Prophet did not specify the punishment for a drunkard. Hazrat Abu Bakr fixed it at 40 lashes and Hazrat Omar increased it to 80 lashes.

(vii) *Tax on agricultural produce.* The Prophet did not prescribe separate rates for individual articles. Hazrat Omar did it.

(viii) *Zakat.* The Prophet did not recover Zakat on horses for sale and sea produce. Hazrat Omar did it.

(ix) *Call to prayer.* In Prophet's time there was only one call for Friday prayer, Hazrat Osman made it two.

(x) *People of the Book.* Quran permits Muslims to marry the female folk of the people of the Book. The permission was utilized up to the time of Hazrat Osman, but sensing disruption Hazrat Ali suspended it.

## III

The following are some instances in which the first four Caliphs have differed from one another :-

(i) *Divorce.* Hazrat Omer decided that if a man on sick bed divorces his wife she will have a share in inheritance provided the man dies within the period of Iddat. Hazrat Osman did away with the proviso and allowed the widow a share automatically.

(ii) *Iddat.* Hazrat Omar held that the Iddat of a pregnant woman ended with delivery, but Hazrat Ali decided that her Iddat will be until delivery or 4 months and 10 days whichever is longer.

(iii) *Inheritance.* Hazrat Abu Bakr did not allow a share to the brothers of the deceased if his grand father was alive. Hazrat Omar gave a share to the brothers.

## IV

Instances of this kind can be multiplied easily and it stands to reason that had the Khilafat continued to function the process of amending and revising the provisions of Shariat would have gone on *ad infinitum.* But Khilafat soon changed into kingship wherein the king's word became supreme and the system of legislation underwent a marked change. In political matters the King's will became the law and the personal matters became the concern of individual jurists. They brought about FIQH by working on the same old lines of legislation, namely rationally determining details suited to existing conditions in the light of the fundamentals of the Quran and the traditions of the Prophet and his contemporaries. The canclusions of FIQH differ from the earlier decisions in several respects. In explaining the difference Imam Abu Hanifa has given one reason to be that the Prophet arrived at his decisions after consultation with his companions. Many a time he accepted the views of the others in preference to his own. Had Abu Hanifa been present at the time it is quite possible that the Prophet might have accepted his (Abu Hanifa's) view in preference to all the other views expressed before him.

## V

The considerations set out above lead to the following conclusions :-

(a) Allah has left out from the Quran matters of detail without overlooking anything.

(b) The Prophet determind details but did not codify them for the Millat. No one dare say that non-codification was accidental. It was deliberate since the Prophet knew that the details he determined were not to prevail unchanged for all time to come.

(c) The immediate successors of the Prophet - the Khulafai Rashidin - affected changes in his decisions as well as in the decisions of one another.

(d) The sponsors of FIQH carried out amendments in the decisions of the Prophet and his companions as is evident from those provisions of FIQH which go contrary to TRADITIONS.

(e) It follows therefore that the *Islamic Government of every age has the right to frame its own laws to meet the current requirements by keeping well within the four corners of the Fundamentals given by the Quran.* In framing the laws due attention will be paid to what has preceded but the precedants will not be followed *ipso facto.* They will serve as a guide and will continue undisturbed until a change becomes necessary,

★ ★ ★

# انسان نے کیا سوچا
# What Man Has Thought

There are numerous questions which have puzzled human mind ever since the dawn of consciousness—What are Matter, Life, and Consciousness? How did Universe come into being and how did Life and Consciousness emerge out of inorganic Matter? Is there any Reality behind Universe? Has Creation any purpose? What is the Destiny of Man? Are Good and Evil absolute? Are there any Permanent Values? What are Religion, Reality and God? Is there any suprasensous source of knowledge?

What is the place of Politics in human affairs and the type of Governmental machinery most suited to them?

In more recent times fresh problems cropped up—the State and its various forms, the part Economics plays in shaping Man's Destiny, the standard for the Distribution of Wealth, the control of the Means of Production, the institution of Private Property *vis a vis* human economy, the problem of Needs *vs.* Talents in relation to Communism, and so on.

Finally, what is western civilisation, what are its achievements and what its future is going to be?

From the Greek philosophers of over two thousand years ago down to the present day thinkers Man has striven hard to find an answer to all these problems. The story of this stupendous effort is fascinating and has been told lucidly in "What Man Has Thought" انسان نے کیا سوچا

The book is a scholarly exposition at a plane appropriate to its lofty theme and only a limited number of copies have been printed. It will be on sale shortly. Be quick to register your copy.

NAZIM IDARA-E-TOLU-E-ISLAM
P. B. No. 7313, KARACHI.

Title Printed at Mueid Art Press, Thathai Compound, Bunder Road, Karachi. Text at Jawed Press, McLeod Road, Karachi. Published by Khurshid Alam from Tolu-e-Islam Office, 207/A, P. E. C. H. Society, Karachi. Editor: KHURSHID ALAM